Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 — منگل، 06 جون 2023ء، 16 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 51

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماں نے شرکت کی

وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس، عوامی فلاحی منصوبے فوری مکمل کرنے کی ہدایت

اجلاس میں آئندہ مالی سال24-2023 کی بجٹ تجاویز پر غور کیا گیا، شرکا کو وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے ترقیاتی بجٹ پر بریفنگ دی گئی

موجودہ حالات میں ترجیحات کا تعین کرنا ضروری ہے، عوام کی بہتری کیلئے سستے اور معیاری منصوبے بنائے جائیں، گیارہ سوارب کا وفاقی ترقیاتی پروگرام پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر)وزیر اعظم شہباز شریف کی زیرصدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال 24-2023 کی بجٹ تجاویز پر غور کیا گیا، شرکا کو وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے ترقیاتی بجٹ پر بریفنگ دی گئی، ارکان اسمبلی کی ترقیاتی سکیموں اور فنڈز کی فراہمی سے متعلق بھی غور کیا گیا۔ شہباز شریف نے متعلقہ محکموں کو عوامی فلاح کے جاری منصوبے فوری مکمل کرنے اور معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبے تشکیل دینے کی ہدایت کی، وزیر اعظم نے بجٹ میں پسے ہوئے طبقے کو ریلیف دینے کا عندیہ دیا۔ وزیر اعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں ترجیحات کا تعین کرنا ضروری ہے، عوام کی بہتری کیلئے سستے اور معیاری منصوبے بنائے جائیں، گیارہ سوارب کا وفاقی ترقیاتی پروگرام پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ارکان اسمبلی کی ترقیاتی سکیموں اور فنڈز کی فراہمی سے متعلق بھی غور کیا گیا۔ شہباز شریف نے متعلقہ محکموں کو عوامی فلاح کے جاری منصوبے فوری مکمل کرنے اور معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبے تشکیل دینے کی ہدایت کی، وزیراعظم نے بجٹ میں پسے ہوئے طبقے کو ریلیف دینے کا عندیہ دیا۔ وزیراعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں ترجیحات کا تعین کرنا (بقیہ نمبر 1)

جو کہتا تھا میں اکیلا ہی کافی ہوں آج اکیلا ہی بیٹھا رو رہا ہے، مریم نواز

جو ہمارے شہدا کی یادگاروں کو جلاتا ہے ہم بھی انکا احترام نہیں کرینگے، ن لیگ کو توڑنے کا خواب دیکھتے تھے

باغ آزادکشمیر (جنرل رپورٹر) مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ جو کہتا تھا میں کلا ای کافی آں، جو کہتا تھا ان کو رلاں گا، آج اکیلا بیٹھ کر رو رہا ہے۔ باغ آزاد کشمیر میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ جو (بقیہ نمبر 4)

ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 4 کیس رپورٹ

لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 165 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 3 ٹیسٹ مثبت آئے

اسلام آباد (نامہ نگار)) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 4 کیس رپورٹ ہوئے اور 6 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ پیر کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی طرف سے جاری اعدادوشمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے (بقیہ نمبر3)

چوہدری پرویز الٰہی کو اعلیٰ عدلیہ کی حمایت حاصل ہے، عطا اللہ تارڑ

نو مئی کے ملزمان، چودھری پرویز الٰہی کیسز کی پیروی کریں گے، ان مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے

اسلام آباد (خبرنگار) وزیر اعظم کے معاون خصوصی عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ نو مئی کے ملزمان، چودھری پرویز الٰہی کیسز کی پیروی کریں گے، ان مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، نو مئی کے واقعات میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، قانون اور انصاف (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیر اعظم کی زیرصدارت اجلاس، عوامی فلاحی منصوبے فوری مکمل کرنے کی ہدایت

معاشی معاملات میں ہماری مہارت نہیں، رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں آج کے الیکٹرک نجکاری سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی

ہم معاشی معاملات میں مداخلت نہیں کرینگے، چیف جسٹس

معاشی معاملات میں ہماری مہارت نہیں ہے۔ آپ چاہئیں تو متعلقہ ہائیکورٹ سے رجوع کر سکتے ہیں، ویسے بھی پارلیمنٹ نے آرٹیکل 184 کی شق تین سے متعلق دو قوانین بنائے ہیں، چیف جسٹس

سماعت کے دوران چیف جسٹس کی جانب سے ریمارکس دیئے گئے کہ کے الیکٹرک کی نجکاری کو 18 سال ہو چکے ہیں۔ پرانے مقدمات اس لیے سماعت کے لیے مقرر کر رہے ہیں تا کہ دیکھ سکیں لائیو ایشو ہے؟

لائسنس میں مزید 20 سال 20 جولائی 2043 تک توسیع کی جائے، کے الیکٹرک نے کہا کہ وہ 34 لاکھ صارفین کو خدمات فراہم کر رہا ہے، لائسنس کی تجدید صارفین اور الیکٹرک پاور انڈسٹری کے مفاد میں ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا کہنا ہے کہ ہم معاشی معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے، معاشی معاملات میں ہماری مہارت نہیں۔ رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں آج کے الیکٹرک نجکاری سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس اطہر من اللہ بنچ میں شامل ہیں۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس کی جانب سے ریمارکس دیئے گئے کہ کے الیکٹرک کی نجکاری کو 18 سال ہو چکے ہیں۔ (بقیہ نمبر 5)

کون کس سے رابطے میں ہے میرے علم میں نہیں، قمر زمان کائرہ

آئندہ الیکشن میں پیپلز پارٹی واضح تبدیلی کے ساتھ نظر آئے گی، مشیر امور کشمیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قمر زمان کائرہ کا کہنا ہے کہ کون کس سے رابطے میں ہے میرے علم میں نہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم کے مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی لوگ پیپلز پارٹی میں شامل ہو چکے ہیں اور مزید شمولیت (بقیہ نمبر 7)

خیبر پختونخوا میں 14 سال بعد ایپکس کمیٹی ختم، پروانشل ٹاسک فورس قائم

پشاور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا میں 14 سال بعد ایپکس کمیٹی ختم کر کے پروانشل ٹاسک فورس قائم کر دی گئی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے ایپکس کمیٹی ختم کر دی جو کہ سال 2008ء میں بنائی (بقیہ نمبر6)

9 مئی کے واقعات کی روک تھام کیلئے بین الاقوامی طرز کا پولیس یونٹ بنانے کا فیصلہ

بین الاقوامی طرز پر اینٹی رائٹس فورس کے قیام کی منظوری دے دی گئی، کراوڈ مینجمنٹ یونٹ 3 ہزار اہلکاروں پر مشتمل ہوگا

تین ہزار اہلکاروں کے لیے اینٹی رائٹ کٹس بھی خرید لی گئی ہیں، بلدیہ میں سی ایم یو کے ہیڈ کوارٹرز قائم ہوں گے

کراچی (خبرنگار) آئی جی سندھ نے 9 مئی جیسے حالات پر قابو پانے کیلئے نیا پولیس یونٹ بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق 9 مئی جیسے حالات پر قابو پانے کیلئے آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سندھ ریزرو پولیس فورس کی جگہ نیا یونٹ بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے، جو بین الاقوامی طرز کا (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: انتخابات کیس، سیاسی ایشوز مذاکرات سے بہتر انداز میں حل ہوسکتے ہیں: سپریم کورٹ

الیکشن پر متفقہ فیصلہ کرینگے، ملک کو نئی پریکٹس کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے، فضل الرحمان

ہم الیکشن کروانے والے لوگ ہیں، الیکشن پر ہم ایک متفقہ فیصلہ کریں گے، ملک کو نئی پریکٹس کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے

سربراہ پی ڈی ایم نے مزید کہا پی ڈی ایم انتخابی اتحاد نہیں ہے، ہر پارٹی کا اپنا منشور ہے، سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے طور پر علاقائی اتحاد کر سکتے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) سربراہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم (مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم الیکشن کروانے والے لوگ ہیں، الیکشن پر ہم ایک متفقہ فیصلہ کریں گے، ملک کو نئی پریکٹس کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے۔ لاہور میں وفاقی وزیر اور مسلم لیگ نے کے (بقیہ نمبر 13)

سندھ میں ریزرو فورس کی جگہ نئی فورس بنانے کا فیصلہ

تین ہزار اہلکاروں کے لیے اینٹی رائٹ کٹس بھی خرید لی گئیں

کراچی (نیوز رپورٹر) نو مئی جیسے واقعات کی روک تھام کیلئے سندھ میں نئی پولیس فورس بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ صوبے میں 9 مئی جیسے حالات پر قابو پانے کے لئے انسپکٹر جنرل پولیس (آئی جی) (بقیہ نمبر14)

توقع ہے سیاسی جماعتیں ایک تاریخ پر ملک بھر میں انتخابات پر متفق ہو جائیں گی، سپریم کورٹ حکم نامہ

جماعتوں کی سیاسی ایشو کو مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش قابل ستائش ہے، سیاسی ایشوز مذاکرات اور اتفاق رائے سے ہی بہتر انداز میں حل ہو سکتے ہیں

سپریم کورٹ کے حکم نامہ کے مطابق سعد رفیق نے کہا مذاکرات جاری رہے تو تاریخ پر بھی اتفاق ہو جائے گا،

اسلام آباد (نامہ نگار) سپریم کورٹ نے ملک بھر میں انتخابات ایک دن کرانے کے کیس میں 5 مئی کی سماعت کا حکمنامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ توقع ہے سیاسی جماعتیں ایک تاریخ پر ملک بھر میں انتخابات پر متفق ہوجائیں گی۔ حکم نامہ میں کہا گیا کہ جماعتوں کی سیاسی ایشو کو مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش قابل ستائش ہے، سیاسی ایشوز مذاکرات اور اتفاق رائے سے ہی بہتر انداز میں حل ہو سکتے ہیں۔ حکم نامہ میں مزید کہا کہ توقع ہے سیاسی جماعتیں ایک تاریخ پر ملک بھر میں انتخابات پر متفق ہوجائیں گی، پی ٹی آئی اور حکومتی کمیٹیوں نے مذاکراتی عمل پر اپنی اپنی رپورٹس جمع کرائیں، سعد رفیق نے بتایا کہ ایک ساتھ انتخابات کرانے پر اتفاق رائے ہو گیا ہے۔ سپریم کورٹ کے حکم نامہ کے مطابق سعد رفیق نے کہا مذاکرات جاری رہے تو تاریخ پر بھی اتفاق ہو جائے گا (بقیہ نمبر 12)

عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں راولپنڈی پولیس کے غازیوں سے ملاقات

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں راولپنڈی پولیس کے غازیوں سے ملاقات، ایس ایس پی آپریشنز غازیوں کے ساتھ گھل مل گئے اور بات چیت کی، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز نے غازیوں کی ویلفیئر کے پیش نظران کے مسائل دریافت کیے اور حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے (بقیہ نمبر 11)

وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کی طبیعت ناساز، ہسپتال منتقل

رانا ثناء کو بلڈ پریشر اور طبیعت بہتر ہونے پر ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے داخلہ رانا ثناء اللہ کو طبیعت ناساز ہونے پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق رانا ثناء اللہ کو فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیا (بقیہ نمبر 9)

سابق ایم پی اے سبین گل کا سیاست چھوڑنے کا اعلان

9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہوں، 9 مئی کو عمرہ ادائیگی کیلئے گئی ہوئی تھی

ملتان (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سابق ایم پی اے سبین گل نے سیاست چھوڑنے اور شازیہ عباس نے پی ٹی آئی سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ یاد رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں اور ارکان اسمبلی کی جانب سے پارٹی کو خیر باد کہنے کا سلسلہ جاری ہے، اب تک درجنوں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: شہریوں کو انفرادی طور پر پلاسٹک کے استعمال کو کم کرنا ہوگا، شیری رحمان

340 پاکستانی عازمین حج سعودی ایئرلائن کے ذریعے براہ راست جدہ پہنچ گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حج فلائٹ آپریشن کے تحت پاکستانی عازمین کی براہ راست جدہ ایئرپورٹ روانگی کا عمل شروع کر دیا گیا، 340 عازمین کو لے کر سعودی ایئر لائن کی پرواز ایس وی (بقیہ نمبر16)

شہر قائد کا میئر جماعت اسلامی کا ہی ہوگا: حافظ نعیم الرحمان

ہمارا سب سے رابطہ ہے، پارٹیوں کے اپنے فیصلے ہوتے ہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اپنی اکثریت ثابت نہیں کر سکے گی، شہر قائد کا میئر جماعت اسلامی کا ہی ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 15)

صاحب اختیارات وسیع پیمانے پر بدعنوانیاں کر رہے ہیں، سراج الحق

سراج الحق نے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی، بدانتظامی کی وجہ سے ملک اور معیشت کو ریورس گیئر لگا ہوا ہے

جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کا بنیادی نظریہ قرضہ اور کرپشن تک محدود ہے

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ مہنگائی کے خلاف جلوس نکالنے والی پی ڈی ایم نے مجرمانہ خاموشی اختیار کی ہوئی ہے جبکہ صاحب اختیارات وسیع پیمانے پر بدعنوانیاں کر رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کا (بقیہ نمبر 17)

لاہور: ماحولیات کی بہتری انسانوں کی اجتماعی بقا کا مسئلہ ہے، مریم اورنگزیب

ماحولیات کی بہتری انسانوں کی اجتماعی بقا کا مسئلہ ہے، مریم اورنگزیب

یکم اگست سے اسلام آباد سے پلاسٹک سے بنی ڈسپوزیبل اشیا کے خاتمے کی مہم شروع کی جا رہی ہے جو احسن قدم ہے

ماحولیات کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ اجتماعی کوششوں سے ہی ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنج کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ماحولیات کی بہتری انسانوں کی اجتماعی بقا کا مسئلہ ہے۔ ماحولیات کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ اجتماعی کوششوں سے ہی ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنج کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے، بائیو ڈائیورسٹی کا تحفظ (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: چوہدری پرویز الٰہی کو اعلیٰ عدلیہ کی حمایت حاصل ہے: عطا اللہ تارڑ

جعلی کاسمیٹکس بنانے پر 3 سال قید اور 50 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کی تجویز

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) جعلی کاسمیٹکس بنانے پر 3 سال قید اور 50 لاکھ روپے تک جرمانے کی سزا کی تجویز، قومی اسمبلی نے میک اپ سے متعلق مسودہ قانون منظور کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی نے پاکستان جنرل کاسمیٹکس ریگولیٹ اتھارٹی کے قیام کے مسودہ قانون کی منظوری دی (بقیہ نمبر 18)

ایس ایچ او تھانہ گوجر خان، کی قتل کے مقدمے میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی

زمین کے تنازع پر شہری کو پھندا لگا کر موت کے گھاٹ اتارنے والے ملزمان گرفتار

گوجر خان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز کی سربراہی میں انچارج اچ آئی یو ایس آئی مسعود نے قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا زمین کے تنازع پر شہری افضل کو پھندا لگا کر موت کے گھاٹ اتارنے والے ملزمان بشیر احمد ولد فضل کریم سکنہ مطوعہ اور اسماعیل شاہ ولد اختر شاہ سکنہ مطوعہ کو جدید سائنٹفک ٹیکنالوجی ہیومن انٹیلی سورس کے ذریعے ٹریس کر کے گرفتار کر لیا ملزمان کے خلاف مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 1315/22 تھانہ گوجر خان میں درج کیا گیا تھا ملزمان قتل کی اس واردات کے بعد فرار ہو گئے تھے ایس ایچ او تھانہ گوجر خان نے کہا کہ ملزمان کو (بقیہ نمبر 19)

عیدالاضحیٰ پر سرکاری ملازمین کو 5 چھٹیاں ملنے کا امکان

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے 29 جون کو عیدالاضحیٰ ہونے کی پیشگوئی کی ہے، اس طرح سرکاری ملازمین کو 28 جون سے چھٹیاں ملنے کا امکان ہے۔ اگر عیدالاضحیٰ 29 جون کی بنتی ہے تو سرکاری ملازمین کو 28 جون بروز بدھ سے (بقیہ نمبر23)

نوجوانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا راجہ پرویز اشرف کا دیرینہ خواب تھا

یونیورسٹی کے کیمپس کے قیام سے نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم انکی دہلیز پر میسر ہوگی

نوجوان نسل کو پڑھا کر ہی ہم ملک اور قوم کی ترقی کا خواب پورا کر سکتے ہیں راجہ الطاف

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سیاسی وسماجی اور کاروباری شخصیت فخر کونتریلہ موہڑہ ماڑی راجہ الطاف حسین نے کہا کہ نوجوان نسل کو پڑھا کر ہی ہم ملک اور قوم کی ترقی کا خواب پورا کر سکتے ہیں ہمارا مشن ہے کہ کسی بھی طبقے کا نوجوان علم کی نعمت سے محروم نہ رہے گوجر خان کی عوام گواہ ہیں (بقیہ نمبر21)

کابینہ ڈویژن کے لیے 90 ارب روپے جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت منصوبہ بندی ترقی واصلاحات وخصوصی اقدامات نے سرکاری شعبہ کے ترقیاتی منصوبوں میں اب تک کابینہ ڈویژن کے لیے 90 ارب روپے سے زائد فنڈز جاری کئے جن میں سے 56 ارب روپے سے زائد (بقیہ نمبر27)

رکن سندھ اسمبلی ملک شہزاد اعوان نے پی ٹی آئی سے راہیں جدا کرلیں

9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہیں، شہدا کی بے حرمتی کسی صورت قابل قبول نہیں

کراچی (جنرل رپورٹر) کراچی سے تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی ملک شہزاد اعوان نے نو مئی کے واقعات کے بعد تحریک انصاف چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔ ملک شہزاد اعوان نے (بقیہ نمبر 28)

عوامی خدمات کا جذبہ اہلیان غوری ٹاؤن کی سہولیات کے لیے عملی اقدامات اٹھالیے گئے

چوہدری عثمان درد دل اور انسانیت کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں اہلیان علاقہ

راولپنڈی (عبدالرحمٰن سے) تفصیلات کے مطابق عوامی خدمات کا عملی مظاہرہ کرنے اور انکے مسائل کو حل کرنے کے لیے چوہدری محمد عثمان چیئرمین گرین اسپائر کی جانب سے غوری ٹاؤن کے رہائشیوں و ٹاؤن کمیٹیوں کے اصرار پر عوام خدمات سرانجام دینے کے لیے عملی اقدامات اٹھا لیے گئے، عوام علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی چوہدری عثمان اپنے ذاتی خرچے سے عوامی سہولیات کے کام جلد از جلد (بقیہ نمبر 26)

چپڑاسی کے اکاؤنٹ سے چوہدری خاندان کو 32 کروڑ منتقلی کا انکشاف

پنجاب اسمبلی کے چپڑاسی قیصر اقبال بھٹی نے کرپشن سے پیسہ کمایا، رپورٹ

لاہور (جنرل رپورٹر) چوہدری خاندان کو پنجاب اسمبلی کے چپڑاسی کے اکاؤنٹ سے 32 کروڑ روپے منتقل ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے نے لاہور ہائیکورٹ میں پرویز الٰہی کے بیٹے اور 2 بہوؤں کیخلاف منی لانڈرنگ کیس میں رپورٹ جمع کرادی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ قیصر بھٹی کے اکاؤنٹس سے 325 ملین کی رقم چوہدری خاندان کو منتقل ہوئی۔ پنجاب اسمبلی کے چپڑاسی قیصر اقبال بھٹی نے کرپشن سے پیسہ کمایا جس کے تانے بانے راسخ الٰہی، زارا الٰہی اور تحریم 3 (بقیہ نمبر22)

سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیراہتمام فاؤنڈیشن اسسٹڈ ابھا فاطمہ اسکول مبارک حسین جلالہ آباد میں آج عالمی ماحولیاتی دن جوش وجذبہ سے منایا گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیراہتمام فاؤنڈیشن اسسٹڈ ابھا فاطمہ اسکول مبارک حسین جلالہ آباد میں آج عالمی ماحولیاتی دن جوش وجذبہ سے منایا (بقیہ نمبر 24)

پیپلز پارٹی کا 17 جون کو سوات میں سیاسی پاور شو کرنے کا اعلان

جلسے کو کامیاب بنانے کیلئے حکمت عملی طے کی گئی جبکہ عہدیداروں اور کارکنوں کو جلسے کی بھرپور تیاریاں کرنے کی ہدایت

اجلاس میں نجم الدین خان، محمد ہمایوں خان، احمد حسن خان، اخونزادہ چٹان، ڈاکٹر حیدر علی خان، مظفر سعید اور گوہر انقلابی نے شرکت کی

لاہور: آصف زرداری پنجاب میں سیاسی محاذ پر متحرک، پیپلز پارٹی کی شعبہ خواتین کا اجلاس طلب

پشاور (خبرنگار) پاکستان پیپلز پارٹی 17 جون کو خیبر پختونخوا کے شہر سوات میں سیاسی پاور شو کرے گی، جلسے سے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری خصوصی خطاب کریں گے۔ جلسے کے حوالے سے پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا مالاکنڈ ڈویژن کے عہدیداروں کا اجلاس ہوا جس کی صدارت محمد علی شاہ باچا نے کی، اجلاس میں نجم الدین خان، محمد ہمایوں خان، احمد حسن خان، اخونزادہ چٹان، ڈاکٹر حیدر علی خان، مظفر سعید اور گوہر انقلابی نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جلسے کو کامیاب بنانے کیلئے حکمت عملی طے کی گئی جبکہ عہدیداروں اور کارکنوں کو جلسے کی بھرپور تیاریاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 29)

ایس ایس پی آپریشنز کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش (بقیہ نمبر30)

قتل کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، گوجر خان پولیس

واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں تھانہ گوجر خان میں درج کیا گیا تھا

ملزم نے ساتھیوں کیساتھ ملکر زمین کے تنازعہ پر شہری افضل کو پھندہ لگا کر قتل کر دیا تھا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) گوجر خان پولیس کی موثر کارروائی، قتل کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، ملزمان نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ملکر زمین کے تنازعہ پر شہری افضل کو پھندہ لگا کر قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان بشیر اور اسماعیل کو گرفتار کر لیا، ملزمان نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ملکر زمین کے تنازعہ پر شہری افضل کو پھندہ لگا کر قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ (بقیہ نمبر 31)

ایوی ایشن ڈویژن کیلئے 2 ارب 49 کروڑ روپے جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وزارت منصوبہ بندی ترقی واصلاحات وخصوصی اقدامات نے سرکاری شعبہ کے ترقیاتی منصوبوں میں ایوی ایشن ڈویژن کیلئے 2 ارب 49 کروڑ روپے سے زائد رقم جاری جبکہ اب تک ایک ارب 5 کروڑ روپے سے زائد کے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ پلاننگ کمیشن کی طرف (بقیہ نمبر25)

راولپنڈی: جی ایچ کیو حملہ: 18 ملزمان انسداد دہشتگردی کی عدالت پیش، 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آرمی چیف کی یقین دہانی

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ دشمن ہماری ریاستی اور سماجی ہم آہنگی کو متاثر کرنا چاہتا ہے، وہ عوام اور مسلح افواج کے درمیان دراڑ پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے لیکن غیور اور سربکف سپاہی دشمن کی تعداد اور وسائل سے مرعوب نہیں ہوں گے، عوام اور پاک فوج کے باہمی رشتے کو ہرصورت برقرار رکھا جائے گا، ہمیں اپنے ظاہری اور چھپے دشمن کو پہچاننا اور اِس ضمن میں حقیقت اور ابہام میں واضح فرق روا رکھنا ہوگا۔ اِن خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کو پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں پاسنگ آٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا محور پاکستان کے عوام ہیں، عوام کی حفاظت اور سلامتی سے زیادہ مقدس کچھ نہیں، پہلی اور اہم ذمہ داری ریاست سے وفاداری اور افواج کو تفویض کردہ کردار سے وابستگی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان عظیم قائد کے نظریے پر عمل پیرا ہیں جس میں ذات، رنگ ونسل اور علاقائی تفریق نہیں ہے، مادرِوطن کے دفاع کے لیے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاک فوج اپنا فرض نبھانے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ آرمی چیف نے قرآنِ مجید کی سورۂ بقرہ کی آیتِ کریمہ کے ایک حصے کی تلاوت بھی کی جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے کہ کتنی ہی بار ایسا ہوا کہ اللہ کی مرضی سے چھوٹی قوت نے بڑی طاقت کو شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ بیش بہا قربانیوں کے نتیجے میں قائم ہونے والے امن کو کسی صورت متاثر نہیں ہونے دیں گے، امن کی کوششوں کو کسی صورت کمزوری نہ سمجھا جائے، دفاعِ وطن کے لیے ہر قربانی کو تیار ہیں، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے ملک میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ آرمی چیف کی تمام باتیں درست ہیں اوران کا جذبہ قابل تعریف ہے۔ فوج ملک کی سلامتی کا بنیادی ادارہ ہے اور اِس میں قطعاً دو رائے نہیں ہوسکتیں کہ فوج اور عوام کے درمیان عدم اعتماد ملکی سالمیت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں کئی بار ایسے مواقع آئے ہیں جب فوج سیاست میں مداخلت کی مرتکب ہوئی اور اسے تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ ملک کو کئی مرتبہ مارشل لا کا سامنا بھی کرنا پڑا، 7 اکتوبر 1958 کو پاکستان میں پہلا مارشل لا نافذ کیا گیا۔ پاکستان کے صدر میجر جنرل)ر (سکندر مرزا نے ملک گیر مارشل لا لگا کر 1956 کے آئین کو معطل کر دیا، وزیر اعظم ملک فیروز خان نون، وزیر اعلی مغربی پاکستان نواب مظفر علی قزلباش اور وزیر اعلی مشرقی پاکستان عطا الرحمان کو برطرف کیا گیا تاہم ذاکر حسین اور سلطان الدین احمد بطور گورنرز اپنے اپنے عہدوں پر برقرار رہے۔ ایک قومی اسمبلی اور دو صوبائی اسمبلیاں توڑ دی گئیں جبکہ سیاسی پارٹیوں کو توڑنے کے ساتھ ساتھ سیاسی سرگرمیوں پر پابندی لگا کر آرمی چیف جنرل محمد ایوب خان کو مارشل لا ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا گیا۔ فوج کی سیاست میں مداخلت کا عملی آغاز یہیں سے ہوا جو بالواسطہ اور بلاواسطہ جاری رہا۔ 25 مارچ 1969 کو پاکستان میں آرمی چیف جنرل آغا محمد یحیی خان نے صدر فیلڈ مارشل جنرل محمد ایوب خان کا تختہ الٹ کر مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان) بنگلہ دیش (میں 1962 کا آئین منسوخ کرکے مارشل لا نافذ کردیا۔ قومی اور صوبائی اسمبلیاں توڑنے کے ساتھ ہر قسم کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندی لگادی۔ 1973 کے متفقہ آئین کے باوجود پانچ جولائی 1977 کو آرمی چیف جنرل ضیاالحق نے ذوالفقار علی بھٹو کی منتخب حکومت کو برطرف کر کے مارشل لا نافذ کردیا۔ چوتھے اور آخری مارشل لا کا نفاذ بارہ اکتوبر 1999 کو ہوا جب جنرل پرویز مشرف نے دو تہائی اکثریت رکھنے والی نواز شریف کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ مشرف کے اقتدار کے خاتمے کے بعد سے اب تک فوج کی سیاست میں مداخلت کی بازگشت تو سنی جاسکتی ہے لیکن بات مارشل لا تک نہیں پہنچی۔ یہ اور بات کہ اس کے بعد سے اب تک کوئی بھی منتخب وزیر اعظم پانچ سال کی مدت پوری نہیں کر سکا۔ ہر دورِ حکومت میں دو وزرائے اعظم آئے۔ مشرف دورِ حکومت میں اکیس نومبر 2002 سے لے کر اب تک ظفر اللہ خان جمالی لگ بھگ پونے دو سال، چوہدری شجاعت حسین 54 دن، شوکت عزیز قریباً سوا تین سال، یوسف رضا گیلانی چار سال 86 دن، راجہ پرویز اشرف قریبا نو ماہ، نواز شریف چار سال 53 دن، شاہد خاقان عباسی دس ماہ اور عمران خان تین سال سات ماہ سے کچھ دن زائد وزیر اعظم کے عہدے پر براجمان رہے۔ ملک میں پہلی بار عمران خان کے خلاف قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوئی، عمران خان کے اتحادیوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا اور انہیں کرسی سے الگ ہونا پڑا، وہ پہلے بیرونی سازش کا ڈھول پیٹتے رہے لیکن پھر انہوں نے اِس کا سارا ملبہ سابق آرمی چیف پر ڈال دیا۔ عدم اعتماد کے نتیجے میں 11 اپریل 2022 سے اب تک میاں شہباز شریف اتحادی حکومت کے وزیر اعظم کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ ناقدین کے مطابق نوے کی دہائی تک منتخب حکومتیں اسٹیبلشمنٹ کا شکار بنیں اور مشرف دور کے بعد منتخب وزرائے اعظم کو گھر بھجوانے کی ریت شروع ہوگئی۔ میاں محمد نواز شریف کے دورِ حکومت میں مسلم لیگ)ن (کے بیانئے اور پھر عمران خان صاحب اور ان کی جماعت نے بیانات کے ذریعے فوج کے کردار پر سوالیہ نشان اٹھا دیئے، سوشل میڈیا کے مرہونِ منت فوج مخالف ٹرینڈز بھی بنائے گئے اور فوج کی سیاست میں مداخلت کا گہرا تاثر دینے کی بھرپور کوشش کی گئی۔ یہاں تک کہ پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سابق ترجمان میجر جنرل بابر افتخار سمیت فوجی قیادت کو بارہا صفائی پیش کرنی پڑی، انہوں نے ماضی کی غلطیوں کو تسلیم کرتے ہوئے ادارے کے اے پولیٹیکل رہنے کی یقین دہانی بھی کرائی تاہم اہلِ سیاست اس سے قطعاً متفق نظر نہیں آتے اور اس کا اظہار بھی کرتے رہتے ہیں۔ سیاسی عمل میں بار بار مداخلت کا خمیازہ ملک آج تک بھگت رہا ہے، نقصانات واضح ہیں اور بخوبی محسوس بھی کیے جاسکتے ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھی کی بدولت سیاست دانوں میں تربیت کا فقدان رہا، وہ آج بھی سہاروں کے متلاشی رہتے ہیں، عدم برداشت کا شکار ہیں، ایک میز پر بیٹھ کر بات چیت کرنا ان کے مزاج کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ دلچسپ بات تو یہ ہے کہ جس بات پر یہ سب رضامند ہوں اس پر بھی اتفاق نہیں کرسکتے۔

تمام ملکی سیاسی قوتوں کو مل بیٹھنا چاہیے

محمد ہمایوں

ایک معاصر کی حالیہ خبر کے مطابق چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ ملک کسی صورت بھی اداروں میں تقسیم در تقسیم کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ عدلیہ میں بنچ ہو یا بار ان میں تقسیم نہیں ہونی چاہئے اور ذرائع ابلاغ میں بھی ایسا نہیں ہونا چاہئے لیکن ہمارے یہاں تو میڈیا ہاسز متعصب ہیں۔ یہ لوگوں کو آگاہی اور رہنمائی دینے کی بجائے سیاسی جماعتوں کے (Mouth peace) ترجمان بنے ہوئے ہیں۔ قومی مفادات پر یکساں سوچ اور عملاً اتفاقِ رائے ہونا چاہئے فروعی معاملات پر اختلاف رائے ہوسکتا ہے لیکن قومی نوعیت کے اہم معاملات پر کسی بھی ادارے میں تقسیم نہیں ہونی چاہئے۔ سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر ملک کے وسیع تر مفاد میں تمام تمام سیاسی قوتوں کو ایک ساتھ اکٹھے بیٹھنا چاہئے۔ چودھری صاحب نے مزید کہا کہ ناممکنات میں سے ممکنات کے امکانات پیدا کرنا ہی سنجیدہ اور زیرک سیاستدانوں کا خاصا ہے۔ ایسے سیاسی رہنما مستقبل کی پیش بینی کر لیتے ہیں اور ایک بڑا مقصد حاصل کرنے کے لئے کچھ چیزوں کی قربانی دے دیتے ہیں۔ مسلم لیگ)ق (کے رہنما چودھری سرمد کا کہنا ہے کہ ہماری جماعت چاہتی ہے کہ پورے ملک میں انتخابات ایک ہی دن ہوں۔

گزشتہ سماعت پر عدالت عظمی میں ایک درخواست دائر کی گئی تھی کہ پورے ملک میں انتخابات ایک ہی دن ہوں۔ عدالت نے تمام سیاستدانوں کو مذاکرات کی تجویز دی اور یہ بھی کہا کہ ہمیں)عدالت کو (وضاحت نہیں چاہئے، حل چاہئے۔ چنانچہ باہمی مذاکرات کے لئے حکومت نے تین رکنی ٹیم بنادی اور پی ٹی آئی نے بھی تین رکنی ٹیم بنائی جس میں شاہ محمود قریشی، فواد چودھری اور بیرسٹر علی ظفر شامل ہیں۔ ان دونوں کمیٹیوں میں مذاکرات کے دو دور ہو چکے، تیسرا جاری ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف کہہ رہے ہیں کہ ہم آئین کی بات کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں، ابھی الیکشن نہیں کرا سکتے۔ عمران خان کہتے ہیں کہ قومی اسمبلی توڑ دی جائے لیکن حکومت کا کہنا ہے کہ بجٹ سے پہلے اسمبلی نہیں توڑی جاسکتی لیکن کپتان حکومت کے اس موقف سے اتفاق نہیں کر رہے۔ بہر حال حکومت اکتوبر سے کچھ پہلے اور پی ٹی آئی کچھ آگے جانے کے لئے آمادہ دکھائی دیتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما فواد چودھری کا بیان آتا ہے کہ ایک طرف مذاکرات ہو رہے ہیں اور دوسری طرف گرفتاریاں۔ ایک روز قبل پولیس نے سابق وزیر اعلی پنجاب پرویز الٰہی کو گرفتار کرنے کے لئے ان کے گھر چھاپا مارا لیکن وہ گھر پر نہیں تھے۔ گھر میں موجود خواتین سے ان کے متعلق پوچھ گچھ کی گئی۔ ایک نجی ٹی وی کی خبر کے مطابق نگران وزیر اعلی محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہم واقعہ کی تحقیقات کروائیں گے حکومتی تین رکنی کمیٹی کے اہم رکن وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ منگل مذاکرات کا فائنل دن ہوگا۔ چودھری فواد نے کہا کہ ماحول کو بہتر رکھنا ہوگا۔ امین گنڈاپور کی ضمانت ہوچکی ہے۔

پاکستان کی ٹریڈ یونینز اور مافیا

منظور احمد

صنعتی انقلاب نے جہاں ترقی اور خوشحالی کے دروازے دنیا کے لئے کھولے وہاں اس معاشی انقلاب نے انسانوں کے معاشرتی استحصال کو بھی جنم دیا۔ فیکٹریوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو ان کی محنت کے مطابق مزدوری نہیں ملتی تھی، ان کی صحت، جسمانی تحفظ اور فلاح کا کوئی نظام موجود نہیں تھا۔ کم عمر بچوں سے 15/15 گھنٹے کام لیا جاتا تھا۔ غرضیکہ بندہ مزدور کے اوقات ظالمانہ حد تک بدتر تھے۔ 18ویں صدی کے وسط میں یورپ اور امریکہ میں مزدور تنظیمیں بننا شروع ہوئیں۔ اِن کو لیبر یونینز کہا جانے لگا۔ یہ یونینز خالصتاً مزدوروں کی اجتماعی فلاح کے لئے وجود میں آئی تھیں۔ سفید کالر والے ورکرز نے بہت بعد میں اپنے اپنے پیشے کے مطابق تنظیمیں بنائیں اور انہیں ٹریڈ یونینز کا نام دیا جانے لگا۔ جس طرح ہر اچھی تحریک میں بگاڑ آجاتا ہے اور اس تحریک کو عموماً مفاد پرست ٹولہ اچک لیتا ہے، اِن تحریکوں کے عہدیدار بھی فیکٹریوں کے مالکوں اور حکومتی کارندوں کے ساتھ ساز باز کرکے عام مزدوروں اور ورکروں کا حق غصب کرنے لگے۔ آجر)یعنی کارخانے کا مالک (کو یہ طریقہ زیادہ فائدہ مند نظر آتا ہے کہ وہ چند افراد کے ساتھ مک مکا کرکے اور حکومتی محکمہ محنت کو کھلا پلاکر مزدوروں کی بک بک سے محفوظ رہے۔ لیبر یونینز اور ٹریڈ یونینز جن کا اب ایک ہی مطلب سمجھا جاتا ہے، ان کے عہدیداروں کو آجر خرید لیتے ہیں اور اِس طرح ان کا کام چلتا رہتا ہے۔ میں اپنے ذاتی تجربے سے بتا سکتا ہوں کہ ٹریڈ یونینز کے عہدیدار کس طرح منافقت، لالچ اور دھوکا دہی سے اپنے ہی ساتھیوں کا استحصال کرتے ہیں۔ میں 1971 میں پاکستان کے ایک بڑے بینک میں مڈل لیول کا ایگزیکٹو تھا۔ 1967 سے 1970 تک کا وہ زمانہ بڑا سورش زدہ تھا جب پاکستان میں ایشیا سرخ ہے کا نعرہ گونجنا شروع ہوا تھا اور کچھ اردو اخباروں کی سرخیوں میں سرمایہ دارانہ نظام کی ایسی کی تیسی کی جاتی تھی، حالانکہ پاکستان میں اصل سرمایہ دارانہ نظام ابھی پوری طرح سے آیا بھی نہیں تھا۔ ان دِنوں پاکستان کی سیاست میں سوشلزم نیا نیا گج وج کے آیا تھا۔ دفتروں اور کارخانوں کا ہر چھوٹا ورکر کامریڈ بن کر اپنے سینئر سے زبان درازی کرنا اپنا حق سمجھتا تھا۔ میری پوسٹنگ لاہور میں تھی۔ بینک کے لاہور ریجن کا دائرہ عمل ملتان سے راولپنڈی /اسلام آباد تک تھا۔ اس ریجن میں بینک کی 450 سے زیادہ برانچیں آتی تھیں، قریباً تمام بینکوں میں چھوٹے درجے کے ملازموں) گارڈز، قاصد، کلرک (کی لیبر یونینز بن چکی تھیں اور بینکوں کے جونیر افسروں کی Associations بھی پوری طرح فعال تھیں، اوپر سے ستم پر ستم یہ کہ تمام بینکوں کی یونینز اور Associations نے فیڈریشنز بنا لیں تھیں، یعنی اور زیادہ تگڑی ہوگئی تھیں۔ ان فیڈریشنز کے اوپر سیاسی پیشہ ور مزدور لیڈر اثر انداز ہو کر بینکوں سے من مانے مطالبات منواتے تھے۔ بینکوں کی ہر برانچ کا چھوٹے درجے کا ایک ملازم یونین کا نمائندہ ہوتا تھا، اس نمائندے کی بدزبانی اور گستاخانہ رویئے سے منیجر بھی خائف رہتا تھا۔ بینکوں کا روایتی نظم وضبط اور خوش اخلاقی کی فضا معدوم ہوچکی تھی۔ میرے بینک کے چھوٹے سٹاف کی یونین پر بینک کے گارڈز کا زیادہ قبضہ تھا، ان دِنوں گارڈز بینک کے باقاعدہ پکے ملازم ہوتے تھے، جو اکثر ریٹائرڈ فوجی ہوتے، پتہ نہیں کیسے ہوا کب ہوا، میرے بینک میں آنے سے قبل 800 سے زیادہ گارڈز صرف چکوال سے تعلق رکھتے تھے، اِن میں زبردست گرائیں نوازی کا سسٹم قائم تھا، بینک گارڈز کا چکوال گروپ بینک کے ٹیلیفونوں کے ذریعے آپس میں رابطے میں رہتا تھا۔ بینک کی برانچ بند ہونے کے بعد، برانچ کے ٹیلیفون، ائیر کنڈیشنرز، ہیٹر اور باتھ رومز گارڈز کے زیر استعمال ہوتے تھے، بلکہ گارڈز کے دوست بھی برانچ بند ہونے کے بعد یہ سہولت حاصل کرتے تھے۔ برانچ منیجروں کی ہمت نہیں ہوتی تھی کہ وہ ٹیلیفون کو تالہ لگا سکیں، ان حالات میں میرے جنرل منیجر نے مجھے یہ ذمے داری سونپی کہ میں بینک کی یونینز میں جو فسادی عنصر آ گیا تھا اور ان کے عہدیدار مکمل طور پر سیاسی بلیک میلنگ میں ملوث ہو چکے تھے، لہذا یونینز کو سیاست اور فسادیوں سے پاک کروں۔ میرے لئے یہ بہت ہی مشکل فریضہ تھا۔ ملتان سے راولپنڈی/اسلام آباد تک یونینز کے عہدے دار مجھے نہ ہی پہنچانتے تھے نہ ہی انہوں نے میرا نام سنا تھا۔ لاہور زون کی یونینز کے عہدیدار البتہ مجھے مناسب احترام دیتے تھے۔ شائد اس لئے کہ میرا ابھی تک بینک کے انتظامی معمولات میں کوئی عمل دخل نہ تھا، جب مجھے یونینز سے Deal کرنے کی ڈیوٹی سونپی گئی تو میں نے پہلے تو یہ کیا کہ یونینز کے عہدیداروں کی نظروں میں میرا جو Soft image تھا، اس کو میں نے یونینز کے چھوٹے /بڑے ممبران سے دوستی کی شکل دے دی۔ میں نے تمام برانچوں کے عہدیداروں کو لاہور بلا کر کھانے کی دعوت دی تا کہ ان سے میرا تعارف بھی ہو جائے اور انہیں یہ پتہ چل جائے کہ میں ان کے اور بینک کی سینئر انتظامیہ کے درمیان رابطے کا باعث ہونگا، یہ قریبا 150 سے زیادہ مندوب تھے۔ 3-4 گھنٹوں کی اس میٹنگ میں مجھے پتہ لگانے میں مشکل نہ ہوئی کہ اِن عہدے داروں میں کون کس سیاسی جماعت سے ہمدردی رکھتا ہے، کون باقاعدہ اس وقت کے بڑے لیبر لیڈروں سے میل جول رکھتا ہے اور ہدایات لیتا ہے۔ لاہور کی یونینز اور ان کے کھڑپینچوں سے میرا جب کچھ میل جول بڑھا تو میں انہیں یہ تاثر دینے میں کامیاب ہوگیا تھا کہ میں بھی ایشیا سرخ ہے پر یقین رکھتا ہوں۔ میں نے 3-4 ملاقاتوں میں اپنے بینک کی تمام یونینز اور آفیسرز ایسوی ایشنز کے شرارتی قسم کے عہدیداروں کو سمجھ لیا تھا۔ وہ اپنے لئے الگ دفتر، سٹیشنری، فون، موٹر سائیکل اور ایک ملازم کی مانگ کر رہے تھے۔

معیشت بہتر، خطابت شائستہ کرنا لازم

مقبول احمد قریشی

پاکستان 75 سال قبل ایک آزاد ملک کے طور پر معرض وجود میں آیا، آج تک معاشی لحاظ سے مضبوط اور خوشحال حیثیت کے معیار کا درجہ حاصل نہیں کرسکا، اس عرصہ کے دوران یہاں انسانی آبادی میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے لیکن وطن عزیز کے مالی اور مادی وسائل میں اس تناسب سے افراط اور فراوانی وقوع پذیر نہیں ہوئی گزشتہ چندسال سے یہاں روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں، متعلقہ ذمہ دار لوگوں کی غفلت، بے تحاشا منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور غیرقانونی نقل وحمل یا سمگلنگ کے باعث عوام کی قوت خرید سے باہر ہو کر ان کی زندگیوں کے لئے شب وروز بہت مسائل پیدا کر رہی ہیں۔ حکومت وقت کوئی بھی ہو عوام کی غالب اکثریت کو صبح سے شام تک اشیائے ضرورت کے حصول کے لئے اپنے جائز مالی وسائل سے ان کی دستیابی بہت مشکل سے ممکن ہوتی ہے۔ یہ صورت حال آج کل ماضی قریب سے بھی خاصے پریشان کن مراحل تک پہنچ گئی ہے، اس بارے میں اپوزیشن جماعتوں کے بعض رہنماں سے عوام کے مفاد میں یہ شکوہ بجا طور پر درست اور جائز معلوم ہوتا ہے جو وہ مذکورہ بالا غیر قانونی اور سماج مخالف کارروائیوں پرحکومت سے کرتے ہیں، جو متعلقہ وزرا اور اعلی حکام ضروری قانونی اقدامات پر عمل درآمد کے لئے بروئے کار لاتے ہیں، ان کے عوامی مفاد پر مبنی اقدامات کی اپوزیشن جماعتوں کو کسی خود ساختہ من گھڑت اور بے بنیاد بہانہ سازی کی چالبازی سے مخالفت نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ غیر قانونی اور مصنوعی طور پر اشیائے ضرورت کی مہنگائی اور گراں فروشی سراسر ناجائز روش ہے۔ ان حضرات سے گزارش ہے کہ وہ عوام کی خدمت و بہبود کے مثبت مقاصد کو ترجیح دے کر گراں فروشی کے غیر قانونی رجحان کی حتی الوسع حوصلہ شکنی اور روک تھام کرکے زندگی سہل بنانے کا انداز اختیار کریں کیونکہ اپوزیشن رہنماں اور نمائندوں کو بھی کچھ مختصر عرصہ کے بعد انتخابات کے بعد نتائج ان کی حمایت میں ہونے سے اقتدار ان کو مل سکتا ہے، اس طرح ان کی قیادت میں عوام کی زندگی مطلوبہ اشیائے ضرورت نسبتاً کم قیمت پر دستیاب ہونے سے ان کے مسائل کم ہو سکیں گے اور وہ نمائندے عوام کے دیگر فلاحی اور ترقیاتی منصوبوں پر زیادہ توجہ اور آسانی سے کام کر کے اپنا حق نمائندگی خوش اسلوبی سے انجام دے سکتے ہیں۔ مذکورہ بالا غلط کاری، سیاسی رہنماں کو ہردور حکومت میں بروقت اور خلوص نیت سے، درست کرنے پر توجہ دے کر ختم کرنی چاہئے۔ اس کارکردگی سے سیاسی رہنماں کا کردار مثبت اور قابل ستائش ہوجاتا ہے اور ووٹروں کے علاقوں میں دیگر ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر وتکمیل بھی جلد ممکن ہوسکتی ہے۔ ہماری معاشی بہتری کے لئے زراعت، صنعت و حرفت، تجارت اور سیاست کے شعبوں کی بلاکسی رکاوٹ اور تعطل کے روانی جاری رکھنے پر متعلقہ حکومت کے وزرا اور حکام کو اپنی بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں مختلف اجناس، فصلوں، گوشت اور دودھ کی پیداوار میں جلد اور بہتر معیار حاصل کرنا ممکن بنانا ہوگا، کیونکہ یہاں انسانی آبادی میں تیز رفتاری سے اضافہ ہونے سے ہماری پیداوار گزشتہ سالوں کی نسبت کافی کم ہوگئی ہے یوں ہمیں بیرون ممالک سے گندم، کپاس، چائے، تیل اور دیگر ضروریات بہت مہنگے داموں درآمد کرنا پڑتی ہیں۔ اس طرح ہماری مخدوش معیشت مزید خراب حالات سے دوچار ہو جاتی ہے۔ یاد رہے کہ ہمیں اپنی سیاسی کارکردگی میں محنت و دیانت کے ساتھ اور انداز خطاب میں تہذیب و شائستگی کے آداب واطوار کو ترجیح دینا لازم اور اس پر عمل کرنا ملک کے ہر شہری کے لئے ضروری قرار دینا ہوگا۔ قومی اخبارات اور ٹی وی چینلز پر جو بیانات اور الزامات حریف رہنماں اور نمائندوں پر عائد کئے جا رہے ہیں ان سے باہمی سیاسی کشیدگی اور محاذ آرائی میں بہت اضافہ ہوگیا ہے۔ اس صورت حال کو غیر ممالک میں بھی دیکھا اورسنا جارہا ہے۔ اس منفی روش سے ہماری معیشت کو بہت نقصان ہو چکا ہے ضرورت اس امرکی ہے کہ ہم اس جارحیت اور جہالت کو فوری ترک کریں۔ پاکستان 75 سال قبل ایک آزاد ملک کے طور پر معرض وجود میں آیا، آج تک معاشی لحاظ سے مضبوط اور خوشحال حیثیت کے معیار کا درجہ حاصل نہیں کر سکا، اس عرصہ کے دوران یہاں انسانی آبادی میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے لیکن وطن عزیز کے مالی اور مادی وسائل میں اس تناسب سے افراط اور فراوانی وقوع پذیر نہیں ہوئی گزشتہ چندسال سے یہاں روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں، متعلقہ ذمہ دار لوگوں کی غفلت، بے تحاشا منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی نقل وحمل یا سمگلنگ کے باعث عوام کی قوت خرید سے باہر ہو کر ان کی زندگیوں کے لئے شب و روز بہت مسائل پیدا کر رہی ہیں۔ حکومت وقت کوئی بھی ہوعوام کی غالب اکثریت کو صبح سے شام تک اشیائے ضرورت کے حصول کے لئے اپنے جائز مالی وسائل سے ان کی دستیابی بہت مشکل سے ممکن ہوتی ہے۔ یہ صورت حال آج کل ماضی قریب سے بھی خاصے پریشان کن مراحل تک پہنچ گئی ہے، اس بارے میں اپوزیشن جماعتوں کے بعض رہنماں سے عوام کے مفاد میں یہ شکوہ بجا طور پر درست اور جائز معلوم ہوتا ہے جو وہ مذکورہ بالا غیر قانونی اورسماج مخالف کارروائیوں پرحکومت سے کرتے ہیں، جومتعلقہ وزرا اوراعلی حکام ضروری قانونی اقدامات پرعمل درآمد کے لئے بروئے کار لاتے ہیں، ان کے عوامی مفاد پرمبنی اقدامات کی اپوزیشن جماعتوں کو کسی خود ساختہ من گھڑت اور بے بنیاد بہانہ سازی کی چالبازی سے مخالفت نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ غیر قانونی اور مصنوعی طور پر اشیائے ضرورت کی مہنگائی اور گراں فروشی سراسر ناجائز روش ہے۔ ان حضرات سے گزارش ہے کہ وہ عوام کی خدمت و بہبود کے مثبت مقاصد کو ترجیح دے کر گراں فروشی کے غیر قانونی رجحان کی حتی الوسع حوصلہ شکنی اور روک تھام کرکے زندگی سہل بنانے کا انداز اختیار کریں کیونکہ اپوزیشن رہنماں اور نمائندوں کو بھی کچھ مختصر عرصہ کے بعد انتخابات کے بعد نتائج ان کی حمایت میں ہونے سے اقتدار ان کو مل سکتا ہے، اس طرح ان کی قیادت میں عوام کی زندگی مطلوبہ اشیائے ضرورت نسبتاً کم قیمت پر دستیاب ہونے سے ان کے مسائل کم ہوسکیں گے۔

اور وہ نمائندے عوام کے دیگر فلاحی اور ترقیاتی منصوبوں پر زیادہ توجہ اور آسانی سے کام کر کے اپنا حق نمائندگی خوش اسلوبی سے انجام دے سکتے ہیں۔ مذکورہ بالا غلط کاری، سیاسی رہنماں کو ہر دور حکومت میں بروقت اور خلوص نیت سے، درست کرنے پر توجہ دے کر ختم کرنی چاہئے۔ اس کارکردگی سے سیاسی رہنماں کا کردار مثبت اور قابل ستائش ہو جاتا ہے اور ووٹروں کے علاقوں میں دیگرترقیاتی منصوبوں کی تعمیروتکمیل بھی جلد ممکن ہوسکتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

بشری انصاری کی مداحوں سے لمبی اور صحت والی زندگی کیلئے دعا کی اپیل

بشری کا کہنا تھا کہ ان کی سالگرہ منائی جاتیں ہیں لیکن یہ پہلا موقع ہے

لاہور(شوبز نیوز) پاکستان کی سینئر اداکارہ بشری انصاری نے لاہور میں اپنی 67ویں سالگرہ کا کیک کاٹا، اداکارہ نے درخواست کی کہ دعا کریں میری لمبی اور صحت والی زندگی ہو۔ پاکستان کی سینئر اور ورسٹائل ایکٹر بشری انصاری کی سالگرہ 15 مئی کو منائی جاتی ہے، اس سالگرہ کے موقع پر بشری انصاری نے لاہور میں کیک کاٹا۔ بشری کا کہنا تھا کہ ان کی سالگرہ منائی جاتیں ہیں لیکن یہ پہلا موقع ہے کہ ان کی سالگرہ ہوٹل میں منائی گئی۔ پاکستان کی سینئر اداکارہ بشری انصاری نے لاہور میں اپنی 67 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا۔

عمران عباس کے 'ساگر کنارے' نے دھوم مچادی

عمران عباس نہ صرف ایک اچھے اداکار ہیں بلکہ انکی آواز بھی کسی سے کم نہیں ہے

لاہور(شوبز نیوز) پاکستانی ہر دلعزیز اداکار عمران عباس اداکاری کے ساتھ ساتھ اپنی آواز کا جادو جگا چکے ہیں۔ عمران عباس نہ صرف ایک اچھے اداکار ہیں بلکہ انکی آواز بھی کسی سے کم نہیں ہے، اداکار کچھ وقت بعد اپنی گلوکاری کی کوئی نہ کوئی ویڈیو جاری کردیتے ہیں جو مداحوں کی تعریفیں سمیٹنے میں بازی لے جاتی ہے۔ عمران عباس اب بیرون ملک سیر وتفریح میں مصروف ہیں جہاں سے خوبصورت ویڈیوز اور تصاویر اپنے چاہنے والوں کے ساتھ شیئر کر رہے ہیں۔ عمران عباس نے اس بار انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اپنی دلکش ویڈیو شیئر کردی جس میں انہیں ٹھنڈے موسم میں ساحل کنارے بیٹھے اپنی خوبصورت آواز میں لتا منگیشکر اور کشور کمار کا گانا "ساگر کنارے" گنگناتے دیکھا گیا۔ عمران عباس کی اس گائیکی کو مداحوں نے خوب سراہا، تاہم ابھی تک اس ویڈیو کو ہزاروں لائکس مل چکے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ تعریفوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ جہاں سے خوبصورت ویڈیوز اور تصاویر اپنے چاہنے والوں کے ساتھ شیئر کر رہے ہیں۔ عمران عباس نے اس بار انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اپنی دلکش ویڈیو شیئر کردی جس میں انہیں ٹھنڈے موسم میں ساحل کنارے بیٹھے اپنی خوبصورت آواز میں لتا منگیشکر اور کشور کمار کا گانا "ساگر کنارے" گنگناتے دیکھا گیا۔

شاہ رخ خان نے 'ڈان 3' میں کام کرنے سے انکار کردیا

ڈان 3 کے متعلق تازہ پیشرفت سامنے آتے ہی یہ تجسس پھیل گیا

ممبئی(شوبز نیوز) بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان نے 'ڈان' سیریز کی نئی فلم میں کام کرنے سے انکار کردیا۔ ڈان 3 کے متعلق تازہ پیشرفت سامنے آتے ہی یہ تجسس پھیل گیا کہ سیریز کی نئی فلم میں مرکزی کردار کون ادا کریں گے، سیریز کی ابتدائی دو فلموں میں شاہ رخ خان نے مرکزی کردار ادا کیا تھا اور اب بھی یہی توقع کی جارہی تھی کہ وہ مرکزی کردار نبھائیں گے۔ بھارتی میڈیا نے اپنے ذرائع سے دعوی کیا ہے کہ پٹھان اداکار ڈان سیریز کی نئی فلم میں کام کیلئے راضی نہیں ہیں اور انہوں نے فلمساز کو باضابطہ طور پر انکار کردیا ہے۔

بالی وڈ سپر سٹار سلمان خان شوٹنگ کے دوران زخمی

اداکار کے مداحوں نے کمنٹ سیکشن میں سلمان خان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی



ممبئی(شوبز نیوز) بالی وڈ سپر سٹار سلمان خان شوٹنگ کے دوران زخمی ہوگئے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سلمان خان ان دنوں اپنی آنے والی تھرلر فلم ٹائیگر 3 کی شوٹنگ میں مصروف ہیں، اسی فلم کی شوٹنگ کے دوران سلمان خان 5 کلو وزن اٹھاتے ہوئے زخمی ہوئے، ان کے بائیں کندھے پر چوٹ آئی۔ اداکار نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ٹائیگر 3 کے سیٹ سے اپنی چوٹ کی تصویر شیئر کی جس میں ان کے بائیں کندھے پر بظاہر پٹی لگی ہوئی دیکھی جاسکتی ہے۔ سلمان خان نے تصویر کے ساتھ لکھا کہ جب آپ کو لگتا ہے۔

معروف اداکار اور ڈرامہ نویس شعیب ہاشمی انتقال کرگئے

لاہور(شوبز نیوز) پاکستان کے معروف اداکار، دانشور، ڈرامہ نویس اور پروفیسر شعیب ہاشمی طویل علالت کے بعد آج لاہور میں انتقال کرگئے ۔سرکاری ٹی وی اور شعیب ہاشمی کے بیٹے عدیل ہاشمی ان کے انتقال کی خبر کی تصدیق کی ہے، ان کی عمر 84 برس تھی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون شعیب ہاشمی نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ماسٹر آف آرٹس اور لندن سکول آف اکنامکس سے معاشیات کی ڈگری حاصل کی، انہوں نے لندن سے تھیٹر کی ڈگری بھی حاصل کررکھی تھی۔

اداکارہ ایشل فیاض کا آفیشل فیس بک پیج ہیک ہو گیا

نیٹ فلکس کی سیریز اور کچھ رومانوی فلموں کی کلپس پوسٹ کیے جارہے ہیں



لاہور(شوبز نیوز) ہیکرز نے پاکستانی اداکارہ ایشل فیاض کا آفیشل فیس بک پیج ہیک کر کے نامناسب ویڈیوز شیئر کردیں۔ اداکارہ ایشل فیاض نے انسٹاگرام سٹوری پر مداحوں کو بتایا کہ ان کا اپنے فیس بک پیج پر اختیار نہیں رہا اور مسلسل کوششوں کے باجود وہ پیج کو دوبارہ حاصل نہیں کر پا رہیں، پیج کو رپورٹ کیا جائے تاکہ یہ جلد از جلد بلاک ہو جائے۔ اداکارہ کے اکاونٹ پر نیٹ فلکس کی سیریز اور کچھ رومانوی فلموں کی کلپس پوسٹ کیے جارہے ہیں جبکہ انسٹاگرام سٹوری وائرل ہونے کے بعد صارفین انہیں فیس بک پیج واپس حاصل کرنے۔

یو کے ایشین فلم فیسٹیول: نمرہ بچہ نے 3 ایوارڈ اپنے نام کرلیے

اداکارہ نے انسٹاگرام کے ذریعے اپنے شوبز کیریئر کی بڑی خبر سے مداحوں کا آگاہ کیا

لندن(شوبز نیوز) پاکستان کی نامور اداکارہ نمرہ بچہ نے یو کے ایشین فلم فیسٹیول میں تین ایوارڈ جیت لئے۔ اداکارہ نے انسٹاگرام کے ذریعے اپنے شوبز کیریئر کی بڑی خبر سے مداحوں کا آگاہ کیا اور تینوں ایوارڈز کے ساتھ اپنی تصویر بھی شیئر کی۔ اپنی پوسٹ میں اداکارہ نمرہ بچہ نے یو کے ایشین فلم فیسٹیول کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے اداکارہ کی صلاحیتوں کو پہچان کر انہیں اعزاز سے نوازا۔ اداکارہ کو فلم کملی پر فلم کیوریٹر چوائس ایوارڈ اور پولائٹ سوسائٹی پر فلم والاز چوائس ایوارڈ سے نوازا گیا جبکہ انہیں ایک ایوارڈ چیمپئنگ چینج پر ملا۔ پاکستان کی نامور اداکارہ نمرہ بچہ نے یو کے ایشین فلم فیسٹیول میں تین ایوارڈ جیت لئے۔ اداکارہ نے انسٹاگرام کے ذریعے اپنے شوبز کیریئر کی بڑی خبر سے مداحوں کا آگاہ کیا اور تینوں ایوارڈز کے ساتھ اپنی تصویر بھی شیئر کی۔ اپنی پوسٹ میں اداکارہ نمرہ بچہ نے یو کے ایشین فلم فیسٹیول کا شکریہ ادا کیا ہے۔

سپورٹس SPORTS

انگلش کپتان بین سٹوکس نے ٹیسٹ کرکٹ میں منفرد ریکارڈ بنا ڈالا

ٹیسٹ کرکٹ میں بغیر بیٹنگ، بولنگ وکٹ کیپنگ کیے میچ جیتنے والے پہلے کپتان بن گئے

لندن (یو این پی) انگلینڈ ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان بین سٹوکس نے منفرد ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ انگلینڈ کرکٹ ٹیم نے آئرلینڈ کو لارڈز میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں شکست دے دی۔ اس میچ میں انگلش ٹیم کے کپتان بین سٹوکس نے بیٹنگ، بولنگ اور وکٹ کیپنگ کیے بغیر فتح اپنے نام کی جو ٹیسٹ کرکٹ میں ایک منفرد ریکارڈ ہے۔ کرکٹ سے متعلق اعداد و شمار کے ماہر مظہر ارشد نے بھی انگلش کپتان کے اعزاز کی تصدیق اپنے ٹوئٹ میں کی۔ آئرلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے واحد میچ میں انگلش ٹیم نے ٹاس جیت کر بولنگ کا فیصلہ کیا۔ آئرلینڈ نے دعوت قبول کرتے ہوئے پہلی اننگز میں 172 رنز بنائے۔ انگلینڈ کی جانب سے اسٹورٹ براڈ نے 5 اور جیک لیچ نے 3 اور میتھیو پوٹس نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں آئرلینڈ کے خلاف انگلش بیٹرز نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 524 رنز بنا کر پہلی اننگز میں واضح برتری حاصل کر لی۔ انگلش ٹیم کی جانب سے اولی پوپ نے 205 اور بین ڈکٹ نے 182 رنز کی اننگز کھیلی۔ آئرلینڈ دوسری اننگز میں 362 رنز بنا سکی اور انگلینڈ کو جیت کے لیے صرف 11 رنز کا ہدف دیا جو انگلینڈ نے بغیر وکٹ گنوائے پورا کرلیا۔ آئرلینڈ کے خلاف پورے ٹیسٹ میچ میں انگلش کپتان بین اسٹوکس نے نہ تو بولنگ کروائی اور نہ ہی ان کی بیٹنگ آئی، اس طرح بین اسٹوکس ٹیسٹ کرکٹ میں بغیر بیٹنگ اور بولنگ کیے میچ جیتنے والے پہلے کپتان بن گئے

حسن علی کی کانٹی کرکٹ میں شاندار بالنگ، ہیٹرک کرلی

نارتھمپٹن شائر کے خلاف میچ میں مجموعی طور پر 5 وکٹیں حاصل کیں، حسن علی

لندن (سپورٹس نیوز) پاکستان کے سٹار فاسٹ بالر حسن علی نے کانٹی کرکٹ میں شاندار بالنگ کرتے ہوئے ہیٹرک اپنے نام کرلی۔ قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالرحسن علی نے کانٹی کرکٹ کی سیکنڈ الیون کے ٹی ٹوئنٹی میچ میں عمدہ بالنگ کرتے ہوئے نارتھمپٹن شائر کے خلاف ہیٹرک کی۔ حسن علی نے ورکشائر کی نمائندگی کرتے ہوئے نارتھمپٹن شائر کے خلاف میچ میں مجموعی طور پر 5 وکٹیں حاصل کیں جبکہ اس دوران انہوں نے 14 رنز دیے۔ پاکستان کے سٹار فاسٹ بالرحسن علی نے کانٹی کرکٹ میں شاندار بالنگ کرتے ہوئے ہیٹرک اپنے نام کرلی۔ قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالرحسن علی نے کانٹی کرکٹ کی سیکنڈ الیون کے ٹی ٹوئنٹی میچ میں عمدہ بالنگ کرتے ہوئے نارتھمپٹن شائر کے خلاف ہیٹرک کی۔ حسن علی نے ورکشائر کی نمائندگی کرتے ہوئے نارتھمپٹن شائر کے خلاف میچ میں مجموعی طور پر 5 وکٹیں حاصل کیں جبکہ اس دوران انہوں نے 14 رنز دیے۔

ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے قومی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ ٹرائلز 11 جون کو ہونگے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے زیر اہتمام 25 ویں ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے قومی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ ٹرائلز 11 جون کو پنجاب سٹیڈیم لاہور میں ہونگے۔ پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد ظفر نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ مردوں کے چار اور خواتین کے ایک ایونٹ کے ٹرائلز منعقد ہونگے جن میں مردوں کے 100 میٹر ریس اور 400 میٹر ریس، لونگ جمپ اور جویلین تھرو جبکہ خواتین کے 400 میٹر ریس کے ایونٹ شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ منتخب ٹیم کے کھلاڑی آئندہ ماہ جولائی میں تھائی لینڈ میں کھیلی جانے والی 25 ویں ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے یہ چیمپئن شپ 12 سے 16 جولائی تک تھائی لینڈ میں منعقد ہوگی۔ جس میں ایشیائی ممالک کے اتھلیٹ حصہ لیں گے۔ تھرو جبکہ خواتین کے 400 میٹر ریس کے ایونٹ شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ منتخب ٹیم کے کھلاڑی آئندہ ماہ جولائی میں تھائی لینڈ میں کھیلی جانے والی 25 ویں ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے یہ چیمپئن شپ 12 سے 16 جولائی تک تھائی لینڈ میں منعقد ہوگی۔ جس میں ایشیائی ممالک کے اتھلیٹ حصہ لیں گے۔

رومن رینز نے ریسلنگ کی دنیا میں بڑا ریکارڈ اپنے نام کرلیا

مجموعی طور پر ایک ہزار سے زائد دن تک چیمپئن رہنے کا اعزاز اپنے نام کرچکے ہیں

پینسا کولا(سپورٹس نیوز) ورلڈ ریسلنگ انٹرٹینمنٹ) ڈبلیو ڈبلیو ای (کے مقبول ترین ریسلر رومن رینز نے بڑا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ رومن رینز نے ایسا اعزاز حاصل کیا جو دی راک، جان سینا، اسٹون کولڈ، بروک لیسنر، ٹرپل ایچ اور انڈر ٹیکر جیسے ریسلرز بھی اپنے نام نہیں کر سکے۔ 30 اگست 2020 کو رومن رینز نے برئے وائٹ کو شکست دے کر ڈبلیو ڈبلیو ای یونیورسل چیمپئن شپ اپنے نام کی تھی۔ اس کے بعد سے انہوں نے 28 بار اپنی چیمپئن شپ کا کامیاب دفاع کیا اور مجموعی طور پر ایک ہزار سے زائد دن تک چیمپئن رہنے کا اعزاز۔

'انسانی جانوں کا ضیاع تکلیف دہ ہے' بھارت میں ٹرین حادثے پر محمد رضوان کا اظہار افسوس

لاہور (یو این پی) پاکستان ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان نے بھارتی ریاست اڑیسہ میں المناک ٹرین حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں محمد رضوان نے لکھا کہ "انسانی جانوں کا ضیاع ہمیشہ ہی تکلیف دہ ہوتا ہے، میری دعائیں بھارت میں ہونے والے ٹرین حادثے کے متاثرین کیلئے ہیں"۔ واضح رہے کہ 3 جون کو بھارتی ریاست اڑیسہ میں 2 مسافر ٹرینیں ایک ٹریک پر آ کر آپس میں ٹکرا گئیں۔

ایشین چیمپئن شپ: اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کا اوپن ٹرائلز کا اعلان

ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ 12 سے 16 جولائی تک منعقد ہوگی

لاہور(سپورٹس نیوز) اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان)اے ایف پی (نے آئندہ ماہ تھائی لینڈ میں ہونیوالی ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کیلئے اوپن ٹرائلز کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ 12 سے 16 جولائی تک منعقد ہوگی جس میں پاکستان سے پانچ اتھلیٹس حصہ لیں گے۔ اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان نے اتھلیٹس کی حال ہی میں نیشنل گیمز میں ہونیوالی پرفارمنس پر انحصار کرنے کے بجائے اوپن ٹرائلز کرانے کا فیصلہ کیا ہے، اے ایف پی کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ٹرائلز پنجاب سٹیڈیم لاہور میں 11 جون کو ہوں گے۔ ان ٹرائلز میں مردوں کے 4 ایونٹس اور خواتین کا ایک ایونٹ رکھا گیا ہے، خواتین کیلئے صرف چار سو میٹرز کی دوڑ میں ٹرائلز ہوں گے جبکہ مردوں کیلئے سو میٹر، دو سو میٹر، جویلین تھرو اور لانگ جمپ کے ایونٹس کے ٹرائلز ہوں گے۔

پاکستان کو ورلڈ کپ میں لازمی شرکت کرنی چاہیے، وہاب ریاض

وہاب ریاض نے کہا بھارت کو یہاں آ کر کھیلنا چاہیے، سب بڑی ٹیمیں پاکستان آچکی ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) مشیر کھیل پنجاب وہاب ریاض نے بھارت کے ساتھ سیاسی معاملات میں خرابی کی وجہ سے ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے کی مخالفت کردی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاسٹ بالر وہاب ریاض نے کہا کہ بھارت کے ساتھ سیاسی معاملات چلتے رہتے ہیں، ایسا نہیں ہوسکتا کہ پاکستان ورلڈ کپ سے دستبردار ہوجائے، پاکستان کو میگا ایونٹ میں لازمی شرکت کرنی چاہیے، بھارت کو بھی چاہیے کہ کھیل کو سیاست کی نذر نہ کرے۔ وہاب ریاض نے کہا بھارت کو یہاں آ کر کھیلنا چاہیے، سب بڑی ٹیمیں پاکستان آچکی ہیں، پاکستان میں ٹیموں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جاتی ہے۔

فوج نہ ہو تو ہمیں پتا چلے کہ آزادی کیا ہوتی ہے: شاہد آفریدی

لاہور (سپورٹس نیوز) سابق ٹیسٹ کپتان شاہد خان آفریدی نے بھی 9 مئی کو ہونے والے جلاؤ اور گھیراؤ کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ "اگر فوج نہ ہو تو ہمیں پتا چلے کہ آزادی کیا ہوتی ہے"۔ ایک انٹرویو میں شاہد خان آفریدی نے کہا کہ پاکستان میں مثبت بات کرنے پر بھی شدید تنقید شروع ہوجاتی ہے۔ میری کوشش یہی ہوتی ہے کہ بدتمیزی اور گالم گلوچ ہونے پر ایک طرف ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست پوری دنیا میں ہوتی ہے، ہمارے ملک میں بھی سیاست ہوتی ہے لیکن یہ کس قسم کی سیاست ہورہی ہے۔

برطانوی باؤلر جیک لیچ فٹنس مسائل کے باعث ایشز سیریز سے باہر

31 سالہ سپنر جیک لیچ معمولی فریکچر کے باعث آسٹریلیا کے خلاف ایشز سیریز سے باہر ہوگئے ہیں

لندن (یو این پی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے لئے بری خبر یہ ہے کہ مایہ ناز سپن باؤلر جیک لیچ فٹنس مسائل کے باعث ایشز سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔ 31 سالہ سپنر جیک لیچ معمولی فریکچر کے باعث آسٹریلیا کے خلاف ایشز سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔ جیک لیچ کو آئرلینڈ کے خلاف حالیہ کھیلے گئے واحد ٹیسٹ میچ کے دوران معمولی فریکچر سے تکلیف محسوس ہوئی۔ جیک لیچ نے آئرلینڈ کے خلاف واحد ٹیسٹ میچ میں چار وکٹیں حاصل کیں۔ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے مطابق آئرلینڈ کے خلاف واحد ٹیسٹ میں فتح کے بعد جیک لیچ کے سکین ٹیسٹ کروایا گیا جس میں ان کو معمولی فریکچر کی علامات کا انکشاف ہوا ہے۔ ای سی بی کے مطابق جیک لیچ پہلے اعلان کردہ پہلے دو ٹیسٹ میچوں کے لیے 16 رکنی سکواڈ میں شامل تھے، ای سی بی کے مطابق جیک لیچ کی جگہ سکواڈ میں آنے والے امیدواروں میں سے ریحان احمد، ول جیکس اور لیام لیونگسٹون کو شامل کیا جاسکتا ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
06جون2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 06جون 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، نیول۔I&II، انگوری، این سی پی، منگیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائد اعظم یونیورسٹی، پنجاب ہاؤس، بری امام، منڈالہ، اتھال، این آئی ایچ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ریور گارڈن۔I&II، سوہان گارڈن۔II، پارک ویو، پنڈی بورڈ، مورگاہ، کہوٹہ سٹی۔II، حنیف شہید، شاہ پور، ڈھوک نور فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، باغ سرداراں، سوشل سیکورٹی، انڈسٹریل، پیر ودھائی، راجہ آباد، ڈھوک چوہدریاں، مصریال روڈ، مدینہ کالونی، عسکری الیون، ریس کورس، اقبال روڈ، سبحان شہید فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، بشارت فیڈرز صبح 08:00 بجے تا 13:00 بجے تک، اٹک سرکل، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، اے ڈبلیو ٹی۔4، ایم وی سی ایچ ایس، ایم پی سی ایچ ایس بی۔17، پسوال، سرائے خربوزہ، ٹیکسلا۔I&II، شیر شاہ سوری فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ضروری ہے، عوام کی بہتری کیلئے سستے اور معیاری منصوبے بنائے جائیں، گیارہ سو ارب کا وفاقی ترقیاتی پروگرام پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 2

ہوتا ہوا نظر آنا چاہیے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ شرپسند عناصر نے نو مئی کو جلا گھیرا کیا، نو مئی کو تاریخ میں سیاہ ترین دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، ڈاکٹر یاسمین راشد کو عدالت کی طرف سے ریلیف دیا گیا، کیس کے اندر کہا گیا یاسمین راشد ایف آئی آر میں نامزد نہیں ہیں، عجلت میں فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ ایف آئی آر کی ضمنی میں بطور ملزمہ یاسمین راشد کا نام درج ہے، فرانزک لیب کے مطابق یاسمین راشد موجود تھیں، اتنی کیا جلدی تھی رپورٹ کا انتظار کیے بغیر عدالت نے فیصلہ سنا دیا، یہ سمجھنے سے قاصر ہوں عدلیہ کے چند مخصوص حلقے اتنا غیر سنجیدہ رویہ کیوں رکھتے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ملزمان کے حوالے سے شواہد موجود ہیں تو ریلیف کس بات کا دیا جا رہا ہے، چودھری پرویز الٰہی کیخلاف بھی شواہد موجود ان کے کیس ختم کیے جا رہے ہیں، جج کو چودھری پرویز الٰہی کے اربوں روپے نظر نہ آئیں تو پراسیکیوشن کا کیا قصور ہے، پرویز الٰہی کو اعلیٰ عدلیہ کی حمایت حاصل ہے۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی نے مزید کہا ہے کہ پہلی پیشی پر پورا مقدمہ ڈسچارج کر دیا جاتا ہے، نو مئی واقعات، کرپشن کیسز میں تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے، کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ نو مئی واقعات پر بات نہ کریں اور ملزمان کو چھوڑ دیں، اگر پارلیمنٹ پر حملہ کرنے والوں کو سزا دی ہوتی تو نو مئی کے واقعات نہ ہوتے۔

بقیہ 3

دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 424 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 4 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح مثبت کیسز کی شرح 0.28 فیصد رہی اور اس دوران کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 6 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 165 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 3 ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 1.82 فیصد رہی

بقیہ 4

شہدا کی بے حرمتی کرے، ان کی یادگاروں کو آگ لگائے، جوان جہازوں کو آگ لگائے جنہوں نے دشمن کے جہازوں کو مار گرایا وہ ہم میں سے نہیں ہوسکتا اور وہ پاکستانی بھی نہیں ہوسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ جو ہمارے شہدا کی یادگاروں کو جلاتا ہے ہم بھی انکا احترام نہیں کرینگے، ن لیگ کو توڑنے کا خواب دیکھتے تھے، آج پی ٹی آئی کرچی کرچی ہوگئی، جو کہتا تھا میں کلا ای کافی آں، جو کہتا تھا ان کو رلاں گا، آج اکیلا بیٹھ کر رو رہا ہے، آزاد کشمیر کا ان کا اپنا وزیراعظم ان کے خلاف گواہی دے رہا ہے۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ جس نے 9 مئی کو شہدا اور انکی یادگاروں کیساتھ یہ سلوک کیا وہ جس بنکر میں بھی چھپا بیٹھا ہے سن لے کہ پاکستانی قوم اور کشمیری اسے کبھی معاف نہیں کریں گے، اسے عبرت کا نشان بنا کر چھوڑیں گے۔

بقیہ 5

پرانے مقدمات اس لیے سماعت کے لیے مقرر کر رہے ہیں تاکہ دیکھ سکیں لائیو ایشو ہے؟۔ چیف جسٹس نے کہا معاشی معاملات میں ہماری مہارت نہیں ہے۔ آپ چاہئیں تو متعلقہ ہائیکورٹ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ ویسے بھی پارلیمنٹ نے آرٹیکل 184 کی شق تین سے متعلق دو قوانین بنائے ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کرنے کی استدعا کی جس پر چیف جسٹس نے کہا آئندہ ہفتے چھٹیاں ہو رہی ہیں، ججز دستیاب نہیں ہوں گے۔ آپ ہدایات لے لیں، کل کیس سنیں گے۔ سپریم کورٹ میں کے الیکٹرک نجکاری سے متعلق کیس کی سماعت کل تک ملتوی کردی گئی۔ جماعت اسلامی نے کے الیکٹرک کی نجکاری کیخلاف درخواست دائر کر رکھی ہے۔ خیال رہے کہ کراچی میں بجلی کی تقسیم کار کمپنی کے الیکٹرک کے لائسنس کی مدت 20 سال بعد آخر کار ختم ہونے والی ہے۔ جس پر کمپنی نے ڈسٹری بیوشن لائسنس کی تجدید کے لیے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے رجوع کر لیا ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے نیپرا میں مزید 20 سال کے لیے ڈسٹری بیوشن لائسنس کی تجدید کی درخواست دائر کی گئی ہے، درخواست کے مطابق کے الیکٹرک کے لائسنس کی 20 سالہ مدت 20 جولائی 2023 کو ختم ہو رہی ہے۔ نیپرا سے درخواست کی گئی ہے کہ لائسنس میں مزید 20 سال 20 جولائی 2043 تک توسیع کی جائے، کے الیکٹرک نے کہا کہ وہ 34 لاکھ صارفین کو خدمات فراہم کر رہا ہے، لائسنس کی تجدید صارفین اور الیکٹرک پاور انڈسٹری کے مفاد میں ہے۔ درخواست موصول ہونے کے بعد نیپرا نے تمام اسٹیک ہولڈرز اور شہریوں سے اس پر 14 روز میں رائے طلب کرلی ہے

بقیہ 6

گئی تھی، اب اس کی جگہ پروانشل ٹاسک فورس قائم کر دی گئی ہے جس کے سربراہ وزیر اعلی ہوں گے۔ پروانشل ٹاسک فورس کا اجلاس گورنر ہاؤس کے بجائے وزیر اعلی ہاؤس میں ہوگا جس میں کور کمانڈر پشاور، وزیر اعلی، آئی جی پولیس، کمانڈنٹ ایف سی شرکت کیا کریں گے۔ پروانشل ٹاسک فورس سکیورٹی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، اہم معاملات کو دیکھا کرے گی۔ پرووانشل ٹاسک فورس چیف سیکریٹری، سیکریٹری داخلہ سمیت سرکاری افسران کو طلب کرسکے گی۔

بقیہ 7

اختیار کر رہے ہیں، آئندہ الیکشن میں پیپلز پارٹی واضح تبدیلی کے ساتھ نظر آئے گی۔ جو جماعت یا جماعتیں حکومت بنائیں سب کو ملک کا سوچ کر قانون سازی کرنا ہوگی، کون کس سے رابطے میں ہے میرے علم میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مردم شماری ایک آئینی عمل ہے، وفاقی حکومت میں پیپلز پارٹی نے بھی تحفظات رکھے تھے، مردم شماری میں کوئی غلطیاں ہیں تو ٹھیک ہونی چاہئیں۔ قمر زمان کائرہ نے امکان ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کا میئر جیالا ہی ہوگا، سب جماعتوں کو ملا کر کراچی کے مسائل کے حل کی طرف جانا چاہیے۔ قبل ازیں قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ ہم سیاسی جماعتوں پر پابندیوں کیخلاف ہیں، پیپلز پارٹی میں لوگ شامل ہو رہے ہیں، لوگوں کو پی ٹی آئی کے بارے پتہ چل گیا ہے تو واپس آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کیس کی تحقیقات 9 مئی سے پہلے ہو رہی تھی، انہیں تو بن مانگے ریلیف مل جاتے ہیں لیکن ذوالفقار بھٹو، بے نظیر بھٹو اور نواز شریف گرفتار ہوئے تو جیل میں رہے۔ 9 مئی کو فوجی تنصیبات پر حملے ہوئے اور سرکاری عمارتیں جلائی گئیں، ایک خاتون کو بالوں سے پکڑا گیا تو ہم نے مذمت کی حالانکہ وہ خاتون پولیس والوں کو گالیاں اور پتھر مار رہی تھی۔ وزیر اعظم کے مشیر امور کشمیر کا کہنا تھا کہ اس وقت سیاسی محاذ پر کشیدگی ہے اس کو ایک رنگ دینے کی کوشش ہو رہی ہے، اگر کسی نے جرم کیا ہے کہ تو شفاف ٹرائل ہونا چاہیے

بقیہ 8

ہوگا۔ بین الاقوامی طرز پر اینٹی رائٹس فورس کے قیام کی منظوری دے دی گئی، کراوڈ مینجمنٹ یونٹ 3 ہزار اہکاروں پر مشتمل ہوگا، 4 یونٹس پر مشتمل فورس میں سے کراچی میں 2 ہزار جبکہ سکھر اور حیدرآباد کے لیے 500 سو اہلکار تعینات ہوں گے۔ اس یونٹ کی کمانڈ انیس گریڈ کا ایس ایس پی کریگا۔ سکھر میں محمد ریاض، حیدرآباد خالد مصطفیٰ کورائی، قیوم آباد میں رانا عارف اور بلدیہ ٹاون میں محمد علی رضا ایس پی تعینات کردیے گے ہیں۔ نئے یونٹ میں تعینات پولیس اہلکاروں کی تربیت بین الاقوامی تربیت یافتہ ٹرینرز سے کروائی جائیگی، اہلکاروں کو لاٹھی چارج، کرواڈ مینجمنٹ، ہجوم کو قابو کرنے اور مشتعل مظاہرین سے مذاکرات کرنیکی تربیت دی جائے گی۔ تین ہزار اہلکاروں کے لیے اینٹی رائٹ کٹس بھی خرید لی گئی ہیں کراچی میں قیوم آباد ایس آر پی کے دفتر اور بلدیہ میں سی ایم یو کیہیڈ کوارٹرز قائم ہوں گے۔

بقیہ 9

لوجی لایا گیا تھا، وفاقی وزیر کو بخار اور بلڈ پریشر کم ہونے کی شکایت تھی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق رانا ثنا کو بلڈ پریشر اور طبیعت بہتر ہونے پر ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے

بقیہ 10

اہم رہنما اور سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی قافلے سے الگ ہو گئے ہیں۔ ملتان سے سابق ایم پی اے سین گل نے سیاست سے کنارہ کشی کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے ہمیشہ پرامن سیاست کی ہے، کبھی جلاؤ گھیراؤ کا حصہ نہیں رہی، 9 مئی کو ہونیوالے جلاؤ گھیراؤ کی مذمت کرتی ہوں، میری صحت اجازت نہیں دیتی کہ سیاست کو جاری رکھ سکوں۔ دوسری جانب پی پی 222 سے ٹکٹ ہولڈر شازیہ عباس نے پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ شازیہ عباس کا کہنا تھا کہ 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہوں، 9 مئی کو عمرہ ادائیگی کیلئے گئی ہوئی تھی، دفاعی تنصیبات پر حملے دیکھ کر بہت دکھ ہوا، املاک کو نقصان پہنچانا کسی مذہب یا معاشرے کو زیب نہیں دیتا

بقیہ 11

، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ اپنی جان پر کھیل کر فرض نبھانے والے غازی معاشرہ اور محکمہ کے محسن ہیں، فرض کی راہ میں عزم و شجاعت کی یہ جاوداں داستانیں پنجاب پولیس کے لیے باعث فخر ہیں، آپ سب ہمارے لیے عزم و شجاعت کی روشن اور تقلید مثال ہیں، بہادری کی لازوال داستانیں رقم کرنے والے افسران وجوان راولپنڈی پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں جن کی ویلفیئر کو ہمیشہ مقدم رکھا جائے گا، ایس ایس پی آپریشنز نے غازیوں کے ہمراہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میس میں کھانا کھایا

بقیہ 12

، شاہ محمود قریشی نے جواب میں مذاکرات میں پیشرفت پر مایوسی کا اظہار کیا، مقدمہ کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کی جاتی ہے

بقیہ 13

مرکزی رہنما سردار ایاز صادق سے انکے بھائی کے انتقال پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ ملکی صورتحال کوئی پریکٹس کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے، جو ملک کیلئے مفید ہوگا وہی فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ 2018 کے الیکشن نتائج کو کسی صورت قبول نہیں کرتے، 2017 کے بعد ملکی معیشت کی گروتھ گری ہے عوام سمجھ رہی ہے ملک کو اس دلدل میں کس نے دھکیلا ہے۔ فضل الرحمان نے کہا کہ جلسے ہم نے بھی کیے ہیں، ہمارے جلسوں کے مقابلے میں پی ٹی آئی کے جلسے نہیں جلسیاں تھیں، لیکن ہمارے جلسوں میں قانون کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی، اب ایک جماعت نے فوجی املاک کو نقصان پہنچایا ہے تو آرمی ایکٹ تو حرکت میں آئے گا، آرمی ایکٹ کی بھی قانون میں ایک حیثیت ہے، آرمی ایکٹ پر بھی اپیل ہو سکتی ہے۔ سربراہ پی ڈی ایم نے مزید کہا پی ڈی ایم انتخابی اتحاد نہیں ہے، ہر پارٹی کا اپنا منشور ہے، سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے طور پر علاقائی اتحاد کر سکتے ہیں، پی ٹی آئی سے مذاکرات کے حوالے سے جو میں کہہ رہا ہوں وہی پی ڈی ایم کا مقف ہے، پی ٹی آئی پر پابندی کا فیصلہ عدالتوں نے کرنا ہے۔

بقیہ 14

) سندھ نے بین الاقوامی طرز کی اینٹی رائٹ فورس بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ کراوڈ مینجمنٹ یونٹ 3 ہزار اہلکاروں پر مشتمل ہوگا، جس کے کراچی میں 2 ہزار اور سکھر، حیدرآباد میں 500 اہلکار تعینات ہوں گے۔ اینٹی رائٹ فورس کی کمانڈ گریڈ 19 کے ایس ایس پی کریں گے، اہلکاروں کی تربیت بین الاقوامی تربیت یافتہ ٹرینرز سے کرائی جائے گی جب کہ تین ہزار اہلکاروں کے لیے اینٹی رائٹ کٹس بھی خرید لی گئی ہیں

بقیہ 15

کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ہمارا سب سے رابطہ ہے، پارٹیوں کے اپنے فیصلے ہوتے ہیں، کراچی کے عوام کا سب سے بڑا مسئلہ بجلی کا ہے، لوڈشیڈنگ اور اوور بلنگ ہو رہی ہے، کے ای ایس سی کی نجکاری سے متعلق سپریم کورٹ میں ہماری درخواست زیرِ سماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کمپنیوں کا معاہدہ ریاست کے ساتھ ہوتا ہے، یہ خراب پلانٹ چلاتے ہیں، یہ اس لئے مفاد عامہ کا کیس ہے کہ کئی کئی گھنٹوں کی بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، اس عفریت سے ہماری جان چھڑائی جائے، 2015 میں ہیٹ ویو میں متعدد لوگ جاں بحق ہوئے، یہ کراچی ہے جو ملک کی معیشت چلاتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے الیکٹرک کے خلاف ایک ہی پارٹی ہے، سپریم کورٹ سے بڑی چیز ملک میں کوئی نہیں ہے، نیپرا کی ہر سماعت میں صرف جماعت اسلامی شریک ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کا مقدمہ لڑوں گا، پتہ لگایا جائے کس کس نے ہمارے ٹیکسوں کے پیسے کھائے، کون کون سی حکومتیں اس میں شامل ہیں، پیپلز پارٹی کے نمبر پورے نہیں ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان کا مزید کہنا تھا کہ ن لیگ کو دیکھنا چاہیے کونسی جماعت کراچی کی خدمت کرے گی، یہ اپنی اکثریت پوری نہیں کر سکیں گے، شہر اقتدار کا میئر جماعت اسلامی کا ہی ہوگا

بقیہ 16

3727 جدہ پہنچ گئی ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق جدہ ایئرپورٹ پہنچنے پر پاکستانی عازمین حج کا پرتپاک استقبال کیا گیا، ڈی جی حج، قونصل جنرل جدہ، ڈائریکٹر حج مکہ اور انچارج جدہ ایئرپورٹ نے عازمین کا استقبال کیا۔ روٹ مکہ کے تحت اسلام آباد سے آنے والے عازمین کو 8 بسوں کے ذریعے مکہ مکرمہ روانہ کیا گیا۔ 6 جون کو 11 پروازوں سے مزید 3387 پاکستانی عازمین حج جدہ پہنچیں گے

بقیہ 17

بنیادی نظریہ قرضہ اور کرپشن تک محدود ہے، اس کے باوجود کرپشن میں کمی آئی نہ مہنگائی کا زور ٹوٹا اور ڈالر کی اڑان بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نے اقتدار میں آنے سے قبل جو وعدے کیے کسی ایک پر بھی عمل نہیں ہوا، پی ڈی ایم نے مہنگائی کے خلاف جلوس نکالے، اب مجرمانہ خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی، بدانتظامی کی وجہ سے ملک اور معیشت کو ریورس گیئر لگا ہوا ہے، ملک میں ایک طرف دہشت گردی اور دوسری جانب سیاسی انتہا پسندی ہے، کرپشن اور چور بازاری میں ہر آئے روز اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری خزانے میں خرد برد کی نت نئی شکلیں سامنے آ رہی ہیں، صاحب اختیارات وسیع پیمانے پر بدعنوانیوں میں ملوث ہیں

بقیہ 18

ہے۔ مسودہ قانون کے مطابق ملک میں میک اپ سامان کی درآمد و برآمد، تیاری اور خرید وفروخت کو منظم کیا جائے گا، اب کاسمیٹکس کے معیار، لیبلنگ اور پیکنگ کو منظم کیا جائے گا۔ مینو فیکچرنگ، اسٹوریج، تقسیم اور فروخت کو اتھارٹی کے تحت ریگولیٹ کیا جائے گا، جعلی مصنوعات بنانے پر سخت کارروائی ہوگی۔ مسودہ قانون کے مطابق جعلی میک اپ سامان بنانے پر مشینری ضبط اور جعل سازی کے مقام پر سیل کر دیا جائے گا۔ عالمی کاسمیٹکس مارکیٹ کا حجم 341 ارب ڈالر ہے، 2030 تک کاسمیٹکس مارکیٹ 560 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ قانون سازی کا مقصد کاسمیٹکس انڈسٹری کی ترقی اور صارفین کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ اس قانون سے معیشت میں کاسمیٹکس کی صنعت کی شراکت بڑھانے میں مدد ملے گی۔ مسودہ قانون کے مطابق ایکٹ کے پاکستان جنرل کاسمیٹکس ریگولیٹ اتھارٹی قائم کی جائے گی۔ اتھارٹی وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے انتظامی کنٹرول کے تحت خود مختار ہوگی، اتھارٹی مالی سال کے اختتام کے تین ماہ کے اندر اپنی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ یاد رہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں مختلف اشیاء پر ٹیکس بڑھانے اور برقرار رکھنے کی تجویز ہے، امپورٹڈ میک اپ سیلز ٹیکس 25 فیصد برقرار رہے گا جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیا پر سیلز ٹیکس 18 فیصد پر برقرار رکھنے کا امکان ہے۔ آئندہ مالی کے بجٹ میں بچوں کے امپورٹڈ دودھ پر سیلز ٹیکس بڑھانے کی تجویز ہے، امپورٹڈ ڈبے کے دودھ پر سیلز ٹیکس 12 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا امکان ہے۔

بقیہ 19

ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا

بقیہ 20

نوجوان نسل اپنی زندگی کا مشن بنائیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کاربن فٹ پرنٹ میں کمی لانے سے ماحولیاتی تبدیلیوں کے خطرات میں کمی لائی جاسکتی ہے، میرین لائف، مائیکرو آرگن ازمز، پلانٹس، فنگائی اور ہر طرح کے جانوروں کا تحفظ زندگی کا تحفظ ہے، نوجوانوں اور بچوں کو ماحولیاتی آلودگی سے بچا کی فورس بننا ہوگا۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ہر اس چیز کا استعمال بتدریج ختم کرنا ہے جس سے ماحول کو نقصان پہنچ رہا ہے، یکم اگست سے اسلام آباد سے پلاسٹک سے بنی ڈسپوزیبل اشیا کے خاتمے کی مہم شروع کی جا رہی ہے جو احسن قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلاسٹک شاپنگ بیگ، پلیٹ، چمچ، کانٹے، ڈبے، کپ، پیالے، چھری اور ایک بار استعمال شدہ اشیا کا مرحلہ وار خاتمہ اولین ترجیح ہے، اسٹرا، پلاسٹک کے ڈھکن والی اشیا اور مشروبات کے لئے پلاسٹک لفافوں کا استعمال بھی بتدریج ختم کرنا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آج پلاسٹک اور اس سے بنی اشیا سے پھیلنے والی ماحولیاتی آلودگی ختم کرنے کا عہد کرنا ہوگا، پلاسٹک کراکری اور دیگر اشیا بنانے والے کاروباری حضرات نے بھی تعاون کا یقین دلایا ہے، وزارت ماحولیات کا پلاسٹک ڈسپوزیبل اشیا کے استعمال کے خاتمے کا پلان اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 21

کہ سابق وزیراعظم پاکستان، اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے بطور چیئرمین سوشل ایکشن بورڈ راولپنڈی ڈویژن گھنگریلہ کے قریب 800 کنال جگہ ڈویژنل پبلک سکول کے لیے مختص کروائی تھی اب اس جگہ یونیورسٹی کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھی تحصیل کلر، کہوٹہ سوہاوہ، گوجرخان، کے طلبا، طالبات کو اعلی تعلیم کے حصول کے لیے اسلام آباد یا لاہور جانا پڑتا تھا اب یونیورسٹی کے کیمپس کے قیام سے نوجوان نسل کو اعلی تعلیم انکی دہلیز پر میسر ہوگی تحصیل گوجرخان خطہ پوٹھوہار کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا کر کے اسپیکر قومی اسمبلی نے تاریخ میں اپنا نام سنہری الفاظ میں رقم کیا ہے اس سے نہ صرف طلبا طالبات کو تعلیم کے حصول کے لیے دور بھی جانا نہیں پڑے گا بلکہ غریب والدین پر زیادہ مالی بوجھ بھی نہیں پڑے گا پنجاب یونیورسٹی پوٹھوار کیمپس کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھی جو کہ الحمداللہ راجہ پرویز اشرف کی کوششوں سے گوجرخان میں یونیورسٹی کے کیمپس کا قیام ممکن ہوا خطہ پوٹھوار کے نوجوانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا ان کا دیرینہ خواب تھا جواب شرمندہ تعبیر ہوا اس یونیورسٹی کے قیام کے لیے ان کی گزشتہ تین دہائیوں سے جدوجہد جاری تھی اعلی تعلیم کے سلسلے میں طلبا کو درپیش مشکلات اور تعلیم کے شعبے میں درپیش مسائل کو حل کرنا ان کی بطور عوامی نمائندہ اولین ذمہ داری تھی گزشتہ تین دہائیوں سے علاقے میں تعلیم کے فروغ کے لیے کوشاں رہے پنجاب یونیورسٹی پوٹھوار کیمپس گوجرخان راولپنڈی کا خطہ پوٹھوار اور گوجرخان کی تاریخ کا سب سے بڑا منصوبہ ہے جو خطہ پوٹھوار کے نوجوان نسل کے لیے انکی طرف سے تحفہ ہے نوجوان بچوں اور بچیوں کو بڑے شہروں میں بھیجنے کی بجائے گوجرخان میں ہی تعلیم کی سہولت میسر ہوگی پنجاب یونیورسٹی پوٹھوار کیمپس گوجرخان راولپنڈی کے قیام سے خطے کے طلبا کو اعلی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم ہونگے

بقیہ 22

الٰہی سے ملتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہا کہ اینٹی کرپشن حکام نے تحریری آگاہ کیا کہ قیصر اقبال بھٹی کے اثاثے انکی آمدن سے زائد ملتے ہیں۔ قیصر اقبال بھٹی منی لانڈرنگ میں ملوث ہے، چپڑاسی نے تحریم الٰہی، زارا الٰہی اور راسخ الٰہی کے ساتھ ناقابل وضاحت بینکنگ ٹرانزیکشنز کیں۔ مونس الٰہی کی اہلیہ تحریم الٰہی کے ساتھ 27 ملین کی ناقابل وضاحت ٹرانزیکشن کیں، جبکہ راسخ الٰہی اور انکی اہلیہ زارا الٰہی کے ساتھ 83 ملین اور 5 ملین کی ٹرانزیکشنز ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق قیصر بھٹی نے 3 کمپنیوں کے ساتھ مجموعی طور پر 129 اعشاریہ 8 ملین کی ٹرانزیکشنز کیں، ابتدائی تحقیقات کے مطابق چپڑاسی 175 ملین کی مشکوک ٹرانزیکشنز میں ملوث پایا گیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سیشن عدالت نے ایف آئی اے منی لانڈرنگ کے مقدمے میں سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی کی اہلیہ تحریم الٰہی سمیت دیگر آٹھ ملزمان کی عبوری ضمانت میں 12 جون تک توسیع کی تھی۔ ایڈیشنل سیشن جج غلام رسول نے کیس کی سماعت کی۔ تحریم الٰہی، زارا الٰہی اور شجاع الدین سمیت دیگر ملزمان عبوری ضمانت کی معیاد مکمل ہونے پر عدالت پیش ہوئے اور اپنی حاضری لگائی تھی۔ عدالت نے فریقین کے وکلا کو حتمی بحث کیلئے طلب کر لیا، عدالت نے ایف آئی اے تفتیشی افسر کو رپورٹ جمع کروانے کا حکم دے رکھا تھا۔

بقیہ 23

2 جولائی 2023 تک پانچ چھٹیاں ملنے کا امکان ہے۔ حتمی احکامات ذی الحج کی چاند رویت کے بعد حکومت جاری کرے گی۔ ذی الحج کے چاند کی رویت کا حتمی اعلان رویت ہلال کمیٹی کرے گی۔ محکمہ موسمیات نے ذی الحج کے چاند کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ 29 جون بروز جمعرات کو ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کلائمٹ ڈیٹا پروسیسنگ سینٹر کے مطابق ذی الحج کا چاند دیکھنے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں مطلع ابر آلود بھی ہوگا، غروب آفتاب 7 بجکر 24 منٹ پر ہونے کا امکان ہے، غروب آفتاب کے وقت کراچی میں چاند کی عمر 34 گھنٹے 13 منٹ ہوگی، کلائمٹ ڈیٹا پروسیسنگ سینٹر کے مطابق چاند نظر آنے کا دورانیہ غروب آفتاب کے بعد 80 منٹ ہے جب کہ چاند دکھائی دینے کیلئے اس کی عمر 19 گھنٹے ہونا ضروری ہے، 19 جون کو ذی الحج کا چاند نظر آنے کا قوی امکان ہے، پہلی ذی الحج 20 جون کو ہوگی اور عیدالاضحیٰ 29 جون بروز جمعرات کو ہونے کا امکان ہے۔ اسی حوالے سے خلیجی ماہرین فلکیات نے کا کہنا ہے کہ 19 جون کو ذوالحجہ کی کیم تاریخ ہوگی جبکہ عیدالاضحیٰ 28 جون کو ہونے کا امکان ہے کیوں کہ سعودی عرب، امارات ومتعدد عرب ممالک میں ذوالحجہ کا چاند 18 جون کو دیکھا جاسکے گا، عیدالاضحیٰ 28 جون کو متوقع ہے۔ ادھر وزیر مملکت برائے پیٹرولیم نے عیدالاضحیٰ تک پٹرول کی قیمت میں کمی کی امید دلا دی، وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک کا کہنا ہے کچھ ہفتوں میں ہمارے پاس پیٹرولیم مصنوعات کے کارگو آجائیں گے، امید ہے عیدالاضحیٰ تک پٹرولیم مصنوعات سے متعلق اچھی خبریں آئیں گی۔

بقیہ 24

گیا، جس میں تمام اساتذہ سمیت والدین بچوں کی بڑی تعداد میں شرکت جس میں اسکول گراونڈ میں 100 سے زائد پودے لگا کر ماحول دوستی کا پیغام دیا گیا ہے، اس موقع پر اسکول سپروائزر سر علی رضا، سر فیضان سر احسن، علاقہ معززین چودھری منور، چودھری طلحہ سنگھیڑا، اور سماجی شخصیت چوہدری سرفراز گاڈڑی نے شرکت کی۔۔۔

بقیہ 25

سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق حکومت نے رواں مالی سال کے دوران اس ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 3 ارب 32 کروڑ روپے سے زائد کے فنڈز مختص کئے گئے ہیں

بقیہ 26

کروائیں گے انکی اس کاوش پر اہلیان علاقہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین گرین اسپائر چوہدری عثمان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے ہم اہلیان علاقہ کو سہولیات فراہم کرنے کے لیئے عملی کوششیں کی ہیں چوہدری عثمان ایک درد دل وانسانیت کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں مین روڈ کی صفائی ستھرائی، سڑکوں پر لائٹس کی تنصیب، ٹوٹی و ناہموار شاہراہ کو مرمت کروا کہ پختہ کروانا و دیگر شاندار کام کیئے گئے اہلیان غوری ٹان کہ مقیم شہریوں و ٹان کمیٹیوں کے درخواست پر فوری عملی طور پر اقدامات اٹھائے گے جس پر عوام علاقہ کی آنکھوں میں چمک و چہروں پر دمک آ گئی غوری ٹان میں صفائی ستھرائی کا کام، سڑک پر نئے سرے سے کھمبوں سمیت لائٹوں کی تنصیب اور خراب لائٹس کو فعال کروانا، ٹوٹی پھوٹی سڑک کو بہترین اعلی میٹریل سے پختہ کرنا اسنکر وچھینٹ کا خاتمہ کرنا، شہریوں کی جان، مال، عزت آبرو اور غوری ٹان میں امن و عامہ کا نظام مضبوط بنانے کے لیئے سیکیورٹی اسٹاف کی فوری تقرری کرنا، کسی بھی ناخوشگوار واقعے و چوری، ڈکیتی وارداتوں کا سراغ لگانے اور چوروں ڈکیتوں کو پولیس کے حوالے کرنے کے لیئے غوری ٹان میں مختلف مقامات پر اچھی قسم کے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنا، شہریوں کی جانوں کو ڈینگی مچھر سے محفوظ بنانے کے لیئے پورے ٹان میں ڈینگی اسپرے کا فوری آغاز کرنا، شہریوں کو بیماری کی صورت میں یا میت و میتوں کو گھروں سے ہسپتالوں یا ہسپتالوں سے گھروں تک پہنچانے کے لیئے جدید طرز کی تمام جدید سہولیات سے مزین 24 گھنٹے ایمبولنس سروس فراہم کرنا شہریوں نے چوہدری محمد عثمان کا ان اقدامات کو اٹھانے اور شہریوں کو عملا سہولیات دینے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا شہریوں نے کہا اللہ چوہدری عثمان کے مال رزق روزگار میں بیشمار برکتیں عطا کرے ہماری ہمیشہ نیک دعائیں فرشتہ صفت نیک انسان چوہدری عثمان کے ساتھ رہیں گی

بقیہ 27

کے فنڈز خرچ کئے جا چکے ہیں۔ پلاننگ کمیشن کی طرف سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق حکومت نے رواں مالی سال کے دوران ملک میں اس ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 90 ارب روپے سے زائد کے فنڈز مختص کئے گئے ہیں

بقیہ 28

پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہیں۔ پاک فوج دنیا کی عظیم فوج ہے۔ شہدا کی بیحرمتی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ملک شہزاد اعوان نے مزید کہا کہ جب چاہا عمران خان سے ملا انہوں نے ہمیشہ تعاون کیا، ان کا شکرگزار ہوں۔ جن کے احسانات ہوتے ہیں ہم اپنی اگلی نسلوں کو بھی بتاتے ہیں۔ علی زیدی، آفتاب صدیقی ہوں، حلیم عادل ہوں، خرم شیر زمان ہوں سب نے ہمیشہ عزت دی۔ سندھ اسمبلی کے آنے والے سیشن میں استعفی جمع کرا دوں گا۔ علاوہ ازیں ملتان سے پی ٹی آئی کی سابق رکن صوبائی اسمبلی سین گل نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ سین گل کا کہنا ہے کہ میں نے ہمیشہ پرامن سیاست کی، کبھی جلاؤ گھیراؤ میں ملوث نہیں رہی۔

بقیہ 29

پیپلز پارٹی کے رہنما امجد آفریدی کو جلسے سے متعلق خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا۔

بقیہ 30

کی جائے، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی آپریشنز۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 31

مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں درج کیا گیا تھا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 32

مزید مضبوط کرے گا۔ بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ اسٹریٹجک پارٹنرشپ علاقائی رابطوں کے لیے مشترکہ وژن آگے بڑھائے گی۔

بقیہ 33

مذاکرات ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 34

چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، فیصل سلیم ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ منظم و متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے گی

بقیہ 36

ہوں گے۔ قبل ازیں منظور وسان نے پیشگوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ 80 فیصد امکانات ہیں کہ بشری بی بی عمران خان کا ساتھ چھوڑ جائے گی، کبھی کبھی ایسے حالات ہوجاتے ہیں کہ بیوی شوہر کو چھوڑ دیتی ہی . انہوں نے مزید کہا کہ کافی لوگ پی پی پی میں شامل ہو رہے ہیں، پی ٹی آئی چھوڑنے والے کافی لوگ پی پی پی میں آ رہے ہیں کیوں کہ ان کو پتا ہے کہ اب مستقبل پی پی پی اور بلاول بھٹو کا ہی. منظور وسان نے سابق وزیر داخلہ سے متعلق پیش گوئی کی کہ شیخ رشید کا کوئی مستقبل نہیں ہے، گرفتاری سے بچنے کے لئے وہ بیماری کا کوئی بہانہ بنا کر ہاسپٹلائز ہوجائیں گے، پہلے ان پر اداروں اور نواز شریف کا ہاتھ ہوتا تھا اب ان پر کسی کا ہاتھ نہیں ہے۔ منظور حسین وسان نے کہا کہ فواد چودھری پرانہ جیالہ ہے وہ واپس اپنی پرانی پارٹی پی پی پی میں ہی آئیگا، فواد ہمارا تھا اور ہمارا ہی رہیگا۔ دوسری جانب وزیراعظم کے مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی لوگ پیپلز پارٹی میں شامل ہو چکے ہیں اور مزید شمولیت اختیار کر رہے ہیں، آئندہ الیکشن میں پیپلز پارٹی واضح تبدیلی کے ساتھ نظر آئے گی۔ جو جماعت یا جماعتیں حکومت بنائیں سب کو ملک کا سوچ کر قانون سازی کرنا ہوگی، کون کس سے رابطے میں ہے میرے علم میں نہیں۔

بقیہ 37

پارلیمانی کمیٹی کے درمیان مذاکرات ناکام ہونے پر سپیکر گلگت بلتستان اسمبلی امجد زیدی کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک جمع کرائی گئی تھی۔ مذاکرات کامیاب ہونے کے بعد امجد زیدی نے اسپیکر بلتستان اسمبلی کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا تاہم اب انہوں نے استعفیٰ واپس لے لیا۔ گذشتہ دنوں امجد زیدی کے استعفے سے انکار پر پی ٹی آئی نے تحریک عدم اعتماد جمع کرائی تھی، اسپیکر کا استعفیٰ واپس لینے پر کل اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ ہو گی۔ خیال رہے کہ گلگت بلتستان اسمبلی سپیکر شپ کے اڑھائی اڑھائی سالہ مدت کے حوالے سے انتخابات 2020 میں طے کردہ پارٹی معاہدے پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی سید امجد زیدی نے استعفیٰ دے دیا تھا اور نذیر احمد ایڈوکیٹ کو پاکستان تحریک انصاف نے نئے سپیکر کے لئے نامزد کیا گیا تھا، سوشل میڈیا پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلی گلگت بلتستان خالد خورشید نے کہا تھا کہ میں سید امجد زیدی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس وعدے کی تکمیل کے لئے پروقار انداز میں استعفی دینے کا فیصلہ کیا۔ مجھے امید ہے کہ نذیر احمد ایڈوکیٹ اپنی قابلیت وصلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے گلگت بلتستان اسمبلی کے امور احسن طریقے سے سرانجام دینگے اور اچھے جمہوری روایات قائم کریں گے۔

بقیہ 38

عثمان بزدار نے عمران خان کے فیصلے پر عمل کیا اور بغیر سوال پوچھے ان کی حمایت کی۔ پرویز خٹک یا پی ٹی آئی چھوڑنے والے کسی دوسرے لیڈر پر تنقید نہیں کی گئی لیکن عثمان بزدار پر اس لیے تنقید کی جا رہی ہے کہ وہ سافٹ ٹارگٹ ہیں۔ عثمان بزدار کے خاندان ذرائع نے مزید کہا کہ گذشتہ 14 ماہ سے پنجاب کے مختلف شہروں میں سیاسی تشدد کا شکار رہے اور مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پارٹی کا ایک بھی رکن عثمان بزدار کے ساتھ کھڑا نہیں ہوا اور نہ ہی ان کی ساعتوں پر عدالتوں میں ان کے ساتھ گیا۔ ہم نے کبھی شکایت نہیں، عثمان بزدار نے اکیلے ہی تمام مقدمات کا ذاتی طور پر سامنا کیا۔ خیال رہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے سابق وزیر اعلی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان کے قابل اعتبار ساتھی سردار عثمان بزدار کی طرف سے سیاست سے دستبرداری کے اعلان نے پی ٹی آئی کے لیے ایک بڑی پریشان کن صورتحال پیدا کر دی ہے۔ جنوبی پنجاب کے علاقے تونسہ سے تعلق رکھنے والے چون سالہ عثمان بزدار کو پچھلے چودہ مہینوں سے کرپشن کے متعدد مقدمات کا سامنا تھا۔ جمعہ کے روز ایک مختصر پریس کانفرنس میں انہوں نے نو مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے سیاست سے دستبرداری کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور آئندہ بھی کھڑے رہیں گے۔ عثمان بزدار پی ٹی آئی کے دور حکومت میں تین سال سے زائد عرصے تک پنجاب صوبے کے وزیر اعلیٰ رہے۔ انہیں پی ٹی آئی کے متعدد اہم اور سینئر لیڈروں کو نظر انداز کر کے عمران خان نے وزیر اعلی بنایا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ پچھلے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے بار بار کے مشوروں کے باوجود عمران خان نے انہیں وزارت اعلیٰ کے عہدے سے ہٹانے سے انکار کر دیا تھا۔

بقیہ 39

عثمان بزدار نے عمران خان کے فیصلے پر عمل کیا اور بغیر سوال پوچھے ان کی حمایت کی۔ پرویز خٹک یا پی ٹی آئی چھوڑنے والے کسی دوسرے لیڈر پر تنقید نہیں کی گئی لیکن عثمان بزدار پر اس لیے تنقید کی جا رہی ہے کہ وہ سافٹ ٹارگٹ ہیں۔ عثمان بزدار کے خاندان ذرائع نے مزید کہا کہ گذشتہ 14 ماہ سے پنجاب کے مختلف شہروں میں سیاسی تشدد کا شکار رہے اور مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پارٹی کا ایک بھی رکن عثمان بزدار کے ساتھ کھڑا نہیں ہوا اور نہ ہی ان کی ساعتوں پر عدالتوں میں ان کے ساتھ گیا۔ ہم نے کبھی شکایت نہیں، عثمان بزدار نے اکیلے ہی تمام مقدمات کا ذاتی طور پر سامنا کیا۔ خیال رہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے سابق وزیر اعلی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان کے قابل اعتبار ساتھی سردار عثمان بزدار کی طرف سے سیاست سے دستبرداری کے اعلان نے پی ٹی آئی کے لیے ایک بڑی پریشان کن صورتحال پیدا کر دی ہے۔ جنوبی پنجاب کے علاقے تونسہ سے تعلق رکھنے والے چون سالہ عثمان بزدار کو پچھلے چودہ مہینوں سے کرپشن کے متعدد مقدمات کا سامنا تھا۔ جمعہ کے روز ایک مختصر پریس کانفرنس میں انہوں نے نو مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے سیاست سے دستبرداری کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور آئندہ بھی کھڑے رہیں گے۔ عثمان بزدار پی ٹی آئی کے دور حکومت میں تین سال سے زائد عرصے تک پنجاب صوبے کے وزیر اعلیٰ رہے۔ انہیں پی ٹی آئی کے متعدد اہم اور سینئر لیڈروں کو نظر انداز کر کے عمران خان نے وزیر اعلی بنایا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ پچھلے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے بار بار کے مشوروں کے باوجود عمران خان نے انہیں وزارت اعلیٰ کے عہدے سے ہٹانے سے انکار کر دیا تھا۔

بقیہ 40

مطابق حکومت نے رواں مالی سال کے دوران ملک میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 44 ارب روپے سے زائد کے فنڈز مختص کئے گئے ہیں۔

بقیہ 41

حرارت کا زیادہ ہونا بے حد نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ سطح سمندر میں اضافہ، حیاتیاتی تنوع میں کمی اور ماحولیاتی نظام کام کرنا بند کر دیتا ہے۔ ہمیں اور ہمارے نوجوانوں کو ماحول کی خرابی کو کم کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے اور سرسبز آب و ہوا کی حمایت کرنے والی حکمت عملیوں پر عمل درآمد کرنا چاہیے جو کاربن مرکبات کے کم اخراج کی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے۔ آنے والے دنوں میں پروفیسر مختار ہنرمندی اور ماحولیات کے حوالے سے ایک کورس بھی شروع کر رہے ہیں۔ جس میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے ہم آہنگ ہنرمندی کے پروگرام شروع کرنا ہے۔

بقیہ 42

کی سیریل نمبر 3 کی ملزمہ ہے۔ کور کمانڈر کی وردی پہننے والے ملزم کے ساتھ سیلفی لینے والے کو بھی گرفتار کر لیا گیا، اویس مشتاق جیوفینسنگ کی سیریل نمبر 27 کا ملزم ہے۔ اسی طرح پنجاب میں فوجی املاک پر حملوں میں ملوث 2290 افراد کی شناخت ہوگئی، جبکہ 1830 شر پسند عناصر کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق پولیس نے شناخت کے بعد 1180 شر پسند عناصر کو گرفتار کر لیا، جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والے 1800 میں سے 1125 شرپسندوں کی شناخت ہوئی۔ جبکہ خیبر پختونخوا پولیس نے جلاؤ گھیراؤ میں ملوث ملزمان کو سہولت فراہم کرنے والوں کیخلاف بھی قانونی کارروائی کا فیصلہ کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو پناہ دینے والوں کو دفعہ 212 کے تحت مقدمات میں شامل کیا جائے گا، ملزمان جس گھر سے گرفتار ہوں گے اس کے مالک مکان کیخلاف بھی کارروائی ہوگی۔

بقیہ 43

معمولی جھگڑا ہوا تھا جس پر نوجوان عبدالغفار نے خود کو پستول سے گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا نوجوان کی نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس تھانہ ساہو کا مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 44

خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ بچوں کو گھروں میں کام کروانے اور کام پر رکھوانے والوں کے خلاف مقدمے درج کیے جائیں۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو بچوں سے جبری مشقت لینے والوں کے خلاف کارروائی کرے۔ پولیس حکام بھی بچوں سے جبری مشقت روکنے کے لیے متعلقہ محکموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ عدالت نے بچوں سے جبری مشقت کروانے والے والدین کے خلاف بھی مقدمات درج کرنے کا حکم دیا۔ جج نے ریمارکس دیے کہ معاشرے میں کمسن بچوں کو کام پر رکھوانے اور ایڈوانس لینے کا رجحان ہے۔ واضح رہے کہ زیر سماعت کیس میں بھی درخواست گزار نے اپنے بیٹے کو کام پر رکھوایا تھا۔ بچے کو واپس لینے کے لیے عدالت سے رجوع کیا گیا

بقیہ 45

کے فقدان کا انکشاف ہوا۔ اجلاس کے دوران سول ایوی ایشن حکام کسٹم، اے ایس ایف اور اے این ایف کے خلاف پھٹ پڑے۔ ڈی جی سول ایوی ایشن نے مسافروں کو ہراساں کرنے کا الزام لگا دیا۔ ڈی جی سول ایوی ایشن نے کہا کہ ایئرپورٹس پر مسافروں کی چیکنگ کے لیے موجود اداروں کے درمیان کوآرڈی نیشن کا فقدان ہے، ایئرپورٹس پر اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹم والے ایک ساتھ نہیں بیٹھتے، ایئرپورٹس پر جوائنٹ سرچ کاؤنٹرز اداروں کے عدم تعاون کی وجہ سے غیر فعال ہیں، مسافروں کی چیکنگ کیلئے ادارے ایک ساتھ کھڑے نہیں ہوتے، ایئرپورٹ پر ہر ایجنسی مسافروں سے برآمدگی کا کریڈٹ لینے میں لگی ہے۔ ڈی جی سول ایوی ایشن نے کہا کہ جوائنٹ سرچ کاؤنٹر کی پالیسی پر عمل نہیں ہو رہا، مسافر کا سامان تین تین بار چیک کیا جاتا ہے، سول ایوی ایشن چیزیں اور سہولیات دے سکتے ہیں، میکنزم بنانا اداروں کا کام ہے، اسکینرز لگے ہیں مگر اے ایس ایف اے این ایف کسٹم والے کاؤنٹر پر نہیں بیٹھتے، ایئرپورٹ پر ڈیوٹی پر موجود ایجنسیوں کا کوئی میکنزم نہیں، ایجنسیوں کے عدم تعاون سے جوائنٹ سرچ کاؤنٹر غیر فعال ہیں۔ ڈی جی سول ایوی ایشن کا کہنا تھا کہ لوگوں کو پکڑ کر سائیڈ پر لے جاتے ہیں، مک مکا کیا جاتا ہے، مسافروں کو فلائٹ مس ہونے اور جیل بھیجنے جانے کی دھمکیاں دی جاتی ہیں، کچھ نہ بھی نکلنے پر مسافر کو پیسے دے کر جان چھڑانا پڑتی ہے۔ ڈی جی سول ایوی ایشن نے مزید کہا کہ ہر جگہ سی سی ٹی وی لگا رہے ہیں، کیمروں پر بھی ان لوگوں کو اعتراض ہے کہ کیمرے کیوں لگائے گئے؟ پارکنگ سمیت ایئرپورٹس کے تمام حصوں میں کیمرے نصب کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 46

ہم بھولنا چاہتے ہیں کہ ہم ماحول کو کتنا آلودہ کر رہے ہیں۔ شیری رحمان کا مزید کہنا تھا کہ انڈس ریور کا حال دیکھ لیں، کلین اینڈ گرین پروگرام 2017 میں نواز شریف کی حکومت میں شروع ہوا، کلین اینڈ گرین پروگرام کوری برینڈ کیا گیا

بقیہ 47

کو جنم دیا ہے عالمی درجہ حرارت میں اضافے کے باعث قدرتی آفات کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی گزشتہ سال کی طوفانی بارشوں اور سیلابوں کی مثال ماضی میں نہیں ملتی یہ ایک ایسی اربن فلڈنگ کی مثال ہے جس کی اگر وجوہات ڈھونڈنے کی کوشش کی جائے تو موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی عالمی درجہ حرارت اس موسمیاتی تغیر کے اسباب میں سب سے اہم نظر آئیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک صنعتی نہیں بلکہ زرعی ملک ہے اور عالمی درجہ حرارت کو بڑھانے میں صنعتی ممالک کا کردار سب سے زیادہ ہے لیکن بدقسمتی سے اس آلودگی کے اثرات سے وہ ممالک بھی متاثر ہو رہے ہیں جن کا فضائی آلودگی میں کردار نہ ہونے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو انٹرنیشنل پروٹوکولز اور عالمی سطح پر کیے گئے معاہدوں کی پاسداری کرنا ہوگی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گلوبل وارمنگ کو قابو کرنے کے لیے اب سنجیدہ اقدامات کرنے ہوں گے اور دنیا بھر کے ممالک میں موسمی تغیرات کے اثرات سے ہونے والے نقصانات پر ایک جامع سعی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تمام شہری فضائی آلودگی کے خلاف اپنی مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت دیں، صوبائی سطح پر بھی حکومت ہر سال شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیتی ہے اور ہر سال ہزاروں یا لاکھوں کی تعداد میں پودے لگائے جاتے ہیں اس کے علاوہ صوبائی محکمہ ماحولیات بھی صاف ستھرے ماحول کے لئے عوامی سطح پر شعوری پروگرام بھی چلاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بحیثیت ایک محب وطن پاکستانی فضائی آلودگی سے پاک پاکستان کی جانب بڑھنا ہے کیونکہ صاف اور شفاف ماحول ہی بہترین انسانی صحت کا ضامن ہے

بقیہ 48

امرال کے علاقے ڈھوک حسو سے 15 ماہ قبل بچی کو اغوا کیا گیا تھا۔ راولپنڈی مغوی بچی تاجمینہ کو رتہ امرال پولیس نے لاہور سے بازیاب کروایا۔ بچی کی گمشدگی کے بعد اسے ڈھونڈنے کی بہت کوششیں کی گئیں، اہل خانہ کے ساتھ ساتھ پولیس نے اس کی بازیابی کے لیے اشتہار بھی جاری کرایا مگر کہیں سے اس کا پتا نہیں چلا تھا۔

بقیہ 49

کی بھی 9 مئی کے واقعہ کے بعد تحریک انصاف کے ایک اور سابق ایم این اے رضا نصر اللہ گھمن نے گزشتہ روز پریس کانفرنس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں تحریک انصاف اور سیاست چھوڑنے کا اعلان کرتا ہوں، سیاست کو عبادت سمجھتا ہوں کچھ عرصے کیلئے سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر رہا ہوں، پاک فوج پاکستان کا فخر ہے 9 مئی کے واقعات پر انتہائی افسردہ ہے، سیاست کے بغیر بھی لوگوں کی مدد کرسکتا ہوں میں نے فیصل آباد میں کالجز اور سکولز بنوائیں، میں اپنی عوام کیلئے آگے بھی کام کرتا رہا ہوں اور اب بھی لوگوں کی مدد کرتا رہوں گا، میں نے آج سے سیاست چھوڑ دی ہے، میں نے 21 سال سیاست کی اب میں باقی کی زندگی اپنی فیملی کو ٹائم دوگا، سیاسی پارٹیاں جس طرح آتی ہے اور جس طرح جاتی ہے ان کا کوئی اصول ہونا چاہیے، اگر ساری سیاسی پارٹیاں مل کر بات کرے اس کا حل ایک بہتر طریقے سے نکل سکتا ہے۔ علاوہ ازیں فیصل آباد سے تحریک انصاف کے ایم این اے خرم شہزاد، فیض اللہ کموکا، نواب شیر وسیر، راجہ ریاض سمیت متعدد ایم پی اے تحریک انصاف کو چھوڑنے کا اعلان کر چکے ہیں فیصل آباد میں صرف میاں فرخ حبیب، سابق ٹکٹ ہولڈر نصار جٹ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، اس طرح فیصل آباد سے تحریک انصاف کا صفایا ہو چکا ہے اور پولیس کا فرخ حبیب، خیال احمد کاسترو اور دیگر کے گھروں پر چھاپے مار رہی ہے، تا حال پولیس گرفتار کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔

بقیہ 50

پر ڈی جی ایم بلال اشرف، منیجر محسن صبور، زونل آفسر اویس بٹ کو شاباش دی، میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران ایم پی اے چوہدری باقر حسین کا کہنا تھا کہ شہر کی صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو مدنظر رکھتے ہوئے زیرو ویسٹ مشن کو مزید تیز کرنے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مشن عوامی خدمت اولین ترجیح ہے ہمارے محنتی ورکرز ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں انکی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتے رہے گے۔ شہر کی صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات پر انتظامیہ شاباش کی مستحق ہے۔

بقیہ 51

حکومت پیپلز پارٹی ہی بنائے گی، کاغذی جماعتوں کا حشر عوام دیکھ رہے ہیں، پی ٹی آئی کے کارکن قابل فخر ہیں مگر انکی لیڈرشپ ہر نئے روز تھوک کے حساب سے معافیاں مانگ رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں پیپلز پارٹی کی طرف سے دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کے دوران کیا، جس میں پی ٹی آئی یوتھ ونگ کے سابق رہنماء کامران خان نے ساتھیوں سمیت پی پی پی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ تقریب سے سابق صوبائی صدر ہمایون خان، ڈویژنل صدر عمر فاروق خان، صوبائی سیکرٹری اطلاعات امجد آفریدی، سابق ایم این اے عثمان خان ترکئی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات گوہر انقلابی، ضلعی صدر علی خان، محمد نعیم خان، ڈویژنل جنرل سیکرٹری جاوید اقبال انقلابی، بلند اقبال خان ترکئی، ضلعی جنرل سیکرٹری اشفاق خان اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ محمد علی شاہ باچہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکن دیگر جماعتوں کی طرح گالم گلوچ کی سیاست سے گریز کریں اور اخلاقیات کے دائرے میں رہ کر تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنان کو اپنے سینوں سے لگائیں، ہم پیپلز پارٹی کے ہر کارکن کو عزت دینگے اور ان کے مسائل حل کرینگے۔

بقیہ 52

میں سینئر حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران /سپاہیوں، رشتہ داروں اور لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پاک فوج کے ترجمان کا کہنا ہے کہ پاک فوج تمام اندرونی/بیرونی خطرات کے خلاف مادر وطن کے دفاع کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج کی بھرپور طاقت سے امن کو خراب کرنے کی مخالفانہ کوششوں کا مقابلہ کیا جائے گا

بقیہ 53

فیصلہ کرلیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے آئی جی پنجاب نے ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پولیس نے عدالت سے درخواست کی یاسمین راشد کی آواز کی ریکارڈنگ، فوٹو گرامیٹک ٹیسٹ اور فون کالز کی تصدیق کے لیے ریمانڈ دیا جائے لیکن عدالت نے انہیں بری کر دیا، فیصلہ کیا ہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت کا فیصلہ چیلنج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ 09 مئی کے واقعات میں ملوث ملزمان کی شناخت پریڈ کا عمل جرم کی نوعیت کے حوالے سے جاری ہے اور قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

بقیہ 54

کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد شفیق ترین کریں گے۔ اجلاس میں پاکستان حلال اتھارٹی ترمیمی بل 2023 پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی ترمیمی بل 2023 بھی زیر غور آئے گا۔ کامسیٹس یونیورسٹی کے ریکٹر کی جانب سے اجلاس کو بریفنگ دی جائے گی۔ وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے اجلاس کے شرکا کو مالی سال 2023-24 کے سرکاری شعبہ کے ترقیاتی پروگرام کی بجٹ تجاویز پر بریفنگ دی جائے گی۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور دیگر متعلقہ حکام شرکت کریں گے

بقیہ 55

کہ فواد چوہدری پی ٹی آئی کے رہنماؤں کو ساتھ لے کر جا رہے ہیں، آپ سے کوئی رابطہ ہوا؟ جس پر اسد قیصر نے کہا میں پی ٹی آئی میں ہی ہوں۔ قبل ازیں تحریک انصاف کے سابق جنرل سیکرٹری اسد عمر اسلام آباد کی مقامی عدالت میں پیش ہوئے، اس موقع پر صحافی نے سوال کیا کہ آپ جہانگیر ترین کی پارٹی میں شامل ہوں گے؟۔ اسد عمر نے جواب دیا کہ جہانگیر ترین سے میرا کوئی تعلق نہیں، صحافی نے دوبارہ سوال کیا کہ جہانگیر ترین نے آپ سے کوئی رابطہ کیا؟

بقیہ 56

نے کہا کہ مذکورہ مالی مدد جہاں تعلیمی ترقی میں دلچسپی کا مظہر ہے وہیں اس حوالے سے اُمید افزا بھی ہے کہ اگر حکومتی شخصیات ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جذبہ ایثار کا مظاہرہ کریں تو تعلیمی اداروں کے فوری نوعیت کے مالی مسائل بڑی حد تک حل ہو سکتے ہیں

بقیہ 57

تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما میاں محمود الرشید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ عدالت نے پولیس کی جسمانی ریمانڈ دینے کی استدعا مسترد کر دی۔ پولیس نے کہا کہ میاں محمود الرشید سے تھانہ نصیر آباد کے مقدمے میں تفتیش کرنی ہے۔ میاں محمود الرشید نے کہا کہ مجھے ایک کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مقدمات میں مجھے بدنیتی کی بنیاد پر ملوث کیا گیا۔ واضح رہے کہ میاں محمود الرشید پر کلمہ چوک میں کنٹینر جلانے کا الزام ہے

بقیہ 58

، ٹرانسپورٹ کے نظام اور انفرا سٹرکچر کو بہتر کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی رہنما نے مزید کہا کہ نوجوانوں کے لیے ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کھولے جائیں گے۔

بقیہ 59

ہے وزیر اعظم کے معاون خصوصی مذہبی امور شبیر احمد عثمانی میڈیا سے گفتگو میں کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ سابق حکمرانوں نے آئی ایم ایف سے عوام دشمن معاہدے کر کے ملک میں معاشی سرنگیں بچھائی، حکومت معاشی مشکلات کے باوجود حکومت نے ایک ماہ سے کم مدت میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دو مرتبہ کمی کی ہے، ایل پی جی اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں بھی کمی کی گئی ہے، جس سے عوام کو ریلیف ملا ہے، پائیدار نمو اور اقتصادی اہداف حاصل کرنے کیلئے حکومت طویل المدتی اقدامات کر رہی ہے، وفاقی حکومت سرمایہ کاری کا فروغ اولین ترجیح ہے، بجٹ کو عوامی امنگوں کے مطابق بنانے کی کوشش کی ممکن کوششیں ہو رہی ہیں

بقیہ 60

یو این ڈی پی اور ایک پرائیویٹ ادارہ رحیم یار خان کو زیرو پلاسٹک ویسٹ سٹی بنانے کے لئے مل کر کام کر رہے ہیں، اسی طرز پر ہر شہر میں پلاسٹک ویسٹ مینجمنٹ ایکو سسٹم کو فعال کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر ہر شہری کو کلین اینڈ گرین پاکستان کے لئے کردار ادا کرنے کا عزم کرنا ہوگا کیونکہ کلین اینڈ گرین ماحول صحت مند اور خوشحال پاکستان کے لئے ضروری ہے۔

بقیہ 61

خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم پی اے ملک نصیر احمد شاہوانی کے شکر گزار ہے جنہوں نے اپنے ترقیاتی فنڈز سے کلی لعل آباد محمد حسنی سمیت دیگر علاقوں میں بلیک ٹاپ سڑکوں اور نالیوں کی تعمیراتی کام کا آغاز کیا جو کہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے کلی لعل آباد کو ترقیاتی کاموں کے حوالے سے نظر انداز کیا گیا اور علاقے کے عوام اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولتوں سے محروم تھے لیکن بی این پی نے علاقے میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار اختر مینگل کی سربراہی میں بی این پی نے ہمیشہ عوام دوست منصوبوں کو ترجیح دی ہے اور پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے انشاء اللہ آنے والے عام انتخابات میں بی این پی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی

بقیہ 62

، ایس پی راول فیصل سلیم نے بنی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 63

ہارے ہوں، بلدیاتی انتخابات میں کامیابی پر پیپلز پارٹی سندھ کی تنظیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے کہا کہ کشمور سے چیئرمین امیدوار گل محمد خان جکھرانی، وائس چیئرمین میر الطاف کھوسو، قمبر شہداد کوٹ میں چیئرمین کے امیدوار حاجی قمرالدین گوپانگ، وائس چیئرمین غلام محمد نامزد، کندھ کوٹ سے میر راشد خان چیئرمین جبکہ وائس چیئرمین شیر محمد، جیکب آباد ضلع کونسل کیلئے طاہر کھوسو چیئرمین، ضلع کونسل لاڑکانہ کیلئے اعجاز لغاری چیئرمین ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ کونسل ضلع گھوٹکی کے چیئرمین بنگل خان مہر، وائس چیئرمین بابر خان لونڈ، لاڑکانہ سٹی کارپوریشن کے میئر کیلئے محمد انور لوہر، سکھر میں کارپوریشن کا میئر ارسلان شیخ، ڈپٹی میئر ڈاکٹر ارشد مغل، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر کیلئے سید کمیل شاہ، وائس چیئرمین اختر علی مہر، میونسپل کمیٹی خیرپور کے وائس چیئرمین کیلئے منیر منگی کو امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ خیرپور ضلع کونسل چیئرمین کیلئے شیراز شوکت راجپر، میونسپل کمیٹی خیرپور کیلئے یار محمد پھلپوٹو، ضلع کونسل نوشہرو فیروز میں سہیل عباسی چیئرمین، ضلع کونسل سانگھڑ میں علی حسن ہنگورجو کو چیئرمین، قاضی رشید کو میئر بے نظیر آباد، ضلع کونسل بے نظیر آباد میں علی اکبر جمالی ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین، حاجی بقا پلی کو چیئرمین ضلع کونسل عمر کوٹ کیلئے نامزد کیا گیا ہے

بقیہ 64

برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی

بقیہ 65

' نقدی' قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے' جبکہ درجنوں شہریوں کو موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا گیا' پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیلات کے مطابق جھنگ بازار میں نعیم سے نقدی' طلائی انگوٹھی' گلبرگ بی بلاک سے نبیل ستار' عوامی کالونی کے عابد' شاہی چوک کے قریب عثمان سے نقدی' فون چھین لیا' مدنی پارک میں اختر اقبال سے 30 ہزار روپے' فون' رشید آباد میں علی مراد کے گھر کے تالے توڑ کر لاکھوں کا سامان چوری کر لیا' رسول پورہ میں شاہد عباس سے 30 ہزار روپے' فون' ڈیرہ سائیں قبرستان کے قریب احمد شبیر سے 20 ہزار روپے' فون چھین لیے' جھنڈا پیر کے قریب بلال سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' اللہ ہو بستی کے قریب نعمان سے نقدی' فون' 209 ر ب کے شاہین سے نقدی' فون' سنٹرل جیل کے قریب ملازم حسین سے موٹر سائیکل' فون' نقدی' اسلام پورہ میں لیاقت علی کے گھر کے باہر سے ڈیڑھ لاکھ کے بکرے' 243 ر ب کے قاسم سے نقدی' فون' 86 گ ب کے ناصر علی سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' العزیز ہوٹل کے قریب نور محمد' سہیل آباد کے مظفر خان سے 80 ہزار روپے' فون' فاروق آباد کے فرزند علی سے نقدی' فون' جھنگ روڈ پر رضوان' خالد آباد کے نوید احمد' کالج روڈ پر ساجد علی' رشید نگر میں کاشف سہیل' 239 گ ب کے ملک شاہد علی سے 35 ہزار روپے' فون' 228 گ ب کے مرزا افضل سے ایک لاکھ 7 ہزار روپے' 67 ج ب کے شاہد لطیف سے ایک لاکھ روپے' فون' 69 گ ب کے شہباز کے گھر داخل ہونیوالے ڈاکو اہل خانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں کا مال و زر لوٹ کر لے گئے' 275 گ ب کے فرمان علی کے گھر کا صفایا کر دیا'

بقیہ 66

آگ لگائی گئی، جبکہ ساہیوال سے پی ٹی آئی کے سابق ایم این اے نوریز شکور نے بھی سیاست چھوڑنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 9 مئی کا سانحہ بدترین ہے اور سیاست کا سیاہ ترین باب ہے۔ شہداء کے لواحقین خون کے آنسو رو رہے ہیں، ان حالات میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتا ہوں۔ نوریز شکور بے نظیر بھٹو اور مشرف دور میں بھی وفاقی وزیر رہ چکے ہیں۔ دوسری جانب کراچی سے تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی ملک شہزاد اعوان نے نو مئی کے واقعات کے بعد تحریک انصاف چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا، ملک شہزاد اعوان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہیں۔ پاک فوج دنیا کی عظیم فوج ہے، شہدا کی بے حرمتی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ملک شہزاد اعوان نے مزید کہا کہ جب چاہا عمران خان سے ملا انہوں نے ہمیشہ تعاون کیا، ان کا شکر گزار ہوں۔ جن کے احسانات ہوتے ہیں، ہم اپنی اگلی نسلوں کو بھی بتاتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ علی زیدی، آفتاب صدیقی ہوں، حلیم عادل، خرم اور شیر زمان سمیت سب نے ہمیشہ عزت دی۔ سندھ اسمبلی کے آنے والے سیشن میں استعفی جمع کرا دوں گا۔

بقیہ 67

شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 68

افسران کو پروموشن بیج لگایا اس موقع پر ڈی پی او اوکاڑہ منصور امان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عہدے اللہ تعالی کی دی ہوئی امانت ہیں افسران اسے عوام کی خدمت میں وقف کریں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت تیار رہیں اس موقع پر ترقی پانے والے افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہم انشاء اللہ ہر وقت تیار رہیں گے۔

پی ٹی آئی میں ہی ہوں سنجیدہ مذاکرات کیلئے تیار ہیں اسد قیصر

میں پی ٹی آئی میں ہی ہوں اور چیئرمین پی ٹی آئی سے رابطے میں ہوں، ہم سنجیدہ مذاکرات کے لیے تیار ہیں

جو ملک میں حالات ہیں، اس میں ابھی کیا مذاکرات ہو سکتے ہیں، پہلے ماحول ٹھیک کریں پھر مذاکرات ہو سکتے ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ میں پی ٹی آئی میں ہی ہوں اور ہم سنجیدہ مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ ڈسٹرکٹ کورٹس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق سپیکر اسد قیصر نے جہانگیر ترین سے رابطوں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ان کا جہانگیر ترین اور فواد چوہدری سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پی ٹی آئی میں ہی ہوں اور چیئرمین پی ٹی آئی سے رابطے میں ہوں، ہم سنجیدہ مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آج میرے چار کیسز ہیں۔ صحافی کے اس سوال پر کہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مذاکرات کے لیے وزیراعظم شہباز شریف سے بات کی جائے کیا ان سے بات چیت ممکن ہے؟ اسد قیصر نے جواب دیا کہ جو ملک میں حالات ہیں، اس میں ابھی کیا مذاکرات ہو سکتے ہیں، پہلے ماحول ٹھیک کریں پھر (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی: جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کیساتھ جھڑپ میں ایک اور جوان وطن پر قربان

بلاول بھٹو خنجراب بارڈر کے ذریعے پاکستانی مصنوعات چین پہنچنے پر خوش

پاک چین تجارت میں اضافہ اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ مزید مضبوط کرے گا، بلاول بھٹو

پاک چین تجارت میں اضافہ اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ مزید مضبوط کرے، وفاقی وزیرِ خارجہ بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیرِ خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے خنجراب بارڈر کے ذریعے پاکستانی مصنوعات چین پہنچنے پر خوش کا اظہار کیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستانی مصنوعات بذریعہ خنجراب بارڈر چینی صارفین تک پہنچتے دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین تجارت میں اضافہ اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ مزید مضبوط کرے گا۔ بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ اسٹریٹجک پارٹنرشپ علاقائی رابطوں کے لیے مشترکہ وژن آگے بڑھائے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستانی مصنوعات بذریعہ خنجراب بارڈر چینی صارفین تک پہنچتے دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین تجارت میں اضافہ اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ (بقیہ نمبر 32)



Certificate of Achievement

UNESCO-UNEVOC TVET Leadership Programme 2022

This certificate is presented to

Muhammad Mukhtar

who successfully completed the 2022 edition of the TVET Leadership Programme from 30 November 2022 to 22 March 2023 under the theme:

"Re-thinking TVET systems and programmes to anticipate demand, adapt and take action for a just and green transition"

Friedrich Huebler
Head of UNESCO-UNEVOC

Olivier Pieume
Chief of the Technical Cooperation Unit, Team Leader of the UNEVOC Network Secretariat

Managing change through transformative TVET leadership

اسلام آباد: دنیا بھر کے تعلیمی ادارے ماحول کو بچانے اور آنے والی نقصان دہ موسمی تبدیلیوں کو کنٹرول کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

دنیا بھر کے تعلیمی ادارے موسمی تبدیلیوں کے حوالے سے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

یہ بات نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار نے کہی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) دنیا بھر کے تعلیمی ادارے ماحول کو بچانے اور آنے والی نقصان دہ موسمی تبدیلیوں کو کنٹرول کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہ بات نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار نے کہی۔ عالمی اداروں کے مطابق موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے تباہ کن رجحانات دنیا بھر کے لوگوں اور ماحولیاتی نظام کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ درجہ حرارت اور موسموں کی تبدیلیوں نے لوگوں کی زندگیوں، ملازمتوں اور محدود وسائل تک طویل مدتی رسائی کو متاثر کیا ہے۔ زمین پر درجہ (بقیہ نمبر41)

جناح ہاؤس حملے میں ملوث ایک اور شرپسند کے ہوشربا انکشافات

ملزم علی رضا نے انکشاف کیا کہ وہ اوکاڑہ سے حملے کی نیت سے لاہور آیا

9 مئی کو طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت جناح ہاؤس میں جلاؤ گھیراؤ کا حصہ بنے، ملزم علی رضا

لاہور (نامہ نگار) عمران خان کی گرفتاری کے بعد 8 مئی کو جناح ہاؤس حملے میں ملوث ایک اور شرپسند کے ہوشربا انکشافات سامنے آگئے۔ میڈیا رپورٹس کے شرپسندوں میں سے ملزم علی رضا اوکاڑہ سے لاہور آیا تھا جواب قانون کی گرفت میں آچکا ہے۔ ملزم علی رضا نے انکشاف کیا کہ وہ اوکاڑہ سے حملے کی نیت سے لاہور آیا، پارٹی قیادت کی تقاریر فوج دشمنی کا باعث بنیں۔ 9 مئی کو طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کیا گیا۔ شرپسند نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی لیڈرشپ جن میں یاسمین راشد، اعجاز چوہدری اور حسان نیازی شامل تھے، ان کے ساتھ مل کر جناح ہاؤس پر جلاؤ گھیراؤ کا حصہ بنے۔ ملزم نے مزید بتایا کہ یہ سب پارٹی قیادت کی فوج مخالف تقاریر کا نتیجہ ہے، تقاریر سے متاثر ہو کر ہم لوگوں نے یہ سب کچھ کیا اور جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کا حصہ بنے تھے۔ یاد رہے کہ جناح ہاؤس میں جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے معاملے پر پی ٹی آئی کی سابق رکن پنجاب اسمبلی فرحت فاروق کو گرفتار کر لیا گیا ہے، فرحت فاروق جیو فینسنگ (بقیہ نمبر42)

چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ گرفتار، گنجمنڈی پولیس

گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ خان آغا، مشتاق اور اسد شامل ہیں

منظم و متحرک گینگز کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی، ایس پی راول

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ گرفتار، مسروقہ رقم 25 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ خان آغا، مشتاق اور اسد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 25 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، ایس پی راول فیصل سلیم نے گنجمنڈی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 34)

ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے لیے 37 ارب 73 کروڑ روپے جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات نے سرکاری شعبہ کے ترقیاتی منصوبوں میں اب تک ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے لیے 37 ارب 73 کروڑ روپے سے زائد فنڈز جاری کئے گئے جن میں سے 24 ارب 43 کروڑ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ پلاننگ کمیشن کی طرف سے جاری کردہ اعداد و شمار کے (بقیہ نمبر 40)

بورے والا؛ باپ سے تلخ کلامی پر نوجوان نے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کرلیا

بورے والا (نیوز رپورٹر) ساہوکا کے نواحی گاؤں میں باپ سے تلخ کلامی پر نوجوان نے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا تفصیلات کے مطابق ساہوکا کے نواحی گاؤں 309 ای بی میں عبدالغفار کا اپنے والد اکبر علی کے ساتھ ساتھ معمولی جھگڑا ہوا تھا جس پر نوجوان عبدالغفار نے خود کو پستول سے گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا نوجوان کی نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس تھانہ ساہوکا مصروف تفتیش ہے۔ تفصیلات کے مطابق ساہوکا کے نواحی گاؤں 309 ای بی میں عبدالغفار کا اپنے والد اکبر علی کے ساتھ ساتھ (بقیہ نمبر 43)

ملک میں مارشل لاء کا کوئی امکان نہیں پی پی رہنما منظور وسان

عمران خان کے ساتھ اب 5 سے 10 فیصد بھی لوگ نہیں رہیں گے

جس طرح عمران خان کو رات کے اندھیرے میں بنایا گیا تھا، پی پی رہنما

کراچی (اسپیشل رپورٹر) مشیر زراعت منظور وسان کا کہنا ہے کہ ملک میں مارشل لاء کا کوئی امکان نہیں ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ عمران خان کے ساتھ اب 5 سے 10 فیصد بھی لوگ نہیں رہیں گے۔ جس طرح عمران خان کو رات کے اندھیرے میں بنایا گیا تھا اسی طرح انہیں واپس لے جایا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی کے کچھ رہنما جیل جائیں گے اور کچھ چھپ کر بیٹھے رہیں گے۔ منظور وسان نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی میں ایسے لوگ بھی ہونگے جو سپورٹر عمران خان کیلیکن آدمی کسی اور کے (بقیہ نمبر36)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کاروائیاں

09 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن، چھری اور مکہ برآمد، مقدمات درج

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی، ایس ایس پی آپریشنز

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف موثر کاروائیاں، 09 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن، چھری اور مکہ برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم گلزار سے چھری، ملزم علی خان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم فیصل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم شیر دل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم عبدالستار سے 01 پستول 30 بور، ملزم عباس سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم نعیم جاوید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم نزاکت سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم توقیر سے آہنی مکہ برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی۔ ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) (بقیہ نمبر 39)

اسپیکر گلگت بلتستان نے استعفیٰ واپس لے لیا

گلگت بلتستان (نیوز رپورٹر) اسپیکر گلگت بلتستان امجد زیدی نے استعفیٰ واپس لے لیا۔ اسپیکر کے استعفیٰ واپس لینے پر کل اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی حکومت کو دھچکا لگا تھا جب اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی امجد زیدی نے اپنے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع ہونے کے بعد استعفیٰ دے دیا تھا۔ گزشتہ ہفتے (بقیہ نمبر 37)

باغ: نواز شریف کی سیاست ختم کرنے والی جماعت کرچی کرچی ہوگئی: مریم نواز

پی ٹی آئی کے حامیوں کی تنقید پر عثمان بزدار کے خاندانی ذرائع کے گلے شکوے

عثمان بزدار نے ہمیشہ وہ مانا جو عمران خان نے کہا، 14 ماہ میں اکیلے سیاسی تشدد کا سامنا کیا

لاہور (جنرل رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ سردار عثمان بزدار نے سیاست چھوڑنے کا اعلان کیا جس کے بعد ان پر پی ٹی آئی کے حامیوں کی جانب سے سخت تنقید کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق عثمان بزدار پر ہونے والی تنقید پر ردِعمل دیتے ہوئے ان کے خاندانی ذرائع نے کہا کہ عثمان بزدار نے ہمیشہ وہ مانا جس کا عمران خان نے انہیں کرنے کا کہا۔ عثمان بزدار نے کسی لمحے عمران خان کو دھوکا نہیں دیا۔ یہاں تک کہ جب عمران خان نے انہیں بتایا کہ چوہدری پرویز الہیٰ کو وزیر اعلیٰ پنجاب بنانے کا فیصلہ کیا ہے تو تب بھی (بقیہ نمبر 38)

شہریوں کو انفرادی طور پر پلاسٹک کے استعمال کو کم کرنا ہوگا شیری رحمان

پلاسٹک کی کچھ چیزیں ماحول کیلئے ٹھیک نہیں ہیں، 30 سال قبل پورا پاکستان پلاسٹک کے بغیر پانی پیتا تھا، ہم بھولنا چاہتے ہیں

حکومت پلاسٹک سے پیدا ہونے والی آلودگی کے خاتمے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، پلاسٹک کو ری سائیکل کر کے اس میں کمی کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما اور وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ شہریوں کو انفرادی طور پر پلاسٹک کے استعمال کو کم کرنا ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا کہ حکومت پلاسٹک سے پیدا ہونے والی آلودگی کے خاتمے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، پلاسٹک کو ری سائیکل کر کے اس میں کمی کی جا سکتی ہے، دنیا بھر میں صرف 9 فیصد پلاسٹک کو ری سائیکل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلاسٹک کی کچھ چیزیں ماحول کیلئے ٹھیک نہیں ہیں، 30 سال قبل پورا پاکستان پلاسٹک کے بغیر پانی پیتا تھا، (بقیہ نمبر 46)

لاہور: کاشتکاروں کو کنٹرول ریٹ پر ادویات کی فراہمی کیلئے سہولت سنٹرز قائم کرنے کا فیصلہ

بچوں سے گھروں سمیت کہیں بھی جبری مشقت لینے پر مقدمات درج کرنے کا حکم

لاہور (نیوز رپورٹر) ہائی کورٹ نے بچوں سے گھروں سمیت کہیں بھی جبری مشقت لینے پر مقدمات درج کرنے کا حکم دیا ہے۔ گھر میں کام پر رکھوائے گئے کمسن بچے کی بازیابی کے لیے لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس انوار الحق پنوں نے محمد اقبال کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی، جس نے عدالت نے گھروں سمیت کسی بھی جگہ پر بچوں سے جبری مشقت لینے سے روکتے ہوئے ایسے لوگوں کے (بقیہ نمبر 44)

کسٹم، اے ایس ایف اور اے این ایف ایئرپورٹ پر مسافروں کو ہراساں کرتے ہیں، ڈی جی سی اے اے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈی جی سول ایوی ایشن نے کہا ہے کہ کسٹم، اے ایس ایف اور اے این ایف ایئر پر مسافروں کو ہراساں کرتے ہیں، مسافروں کو سائیڈ پر لے جا کر جیل بھیجنے اور فلائٹس ہونے کی دھمکیاں دے کر پیسے بٹورے جا رہے ہیں۔ سینیٹ ایوی ایشن کمیٹی کا اجلاس چیئرمین ہدایت اللہ کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں ایئر پورٹس پر موجود ایجنسیوں میں کوآرڈی نیشن (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: 340 پاکستانی عازمین حج سعودی ایئرلائن کے ذریعے براہ راست جدہ پہنچ گئے

سابق ایم این اے رضا نصر اللہ گھمن نے بھی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلی

فیصل آباد سے پی ٹی آئی کا صفایا، پولیس کے فرخ حبیب اور دیگر کی گرفتاری کیلئے چھاپے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) تحریک انصاف کے ایک اور سابق ایم این اے رضا نصر اللہ گھمن نے بھی پارٹی چھوڑنے کے ساتھ ساتھ سیاست سے بھی کنارہ کشی اختیار کر لی، فیصل آباد سے پی ٹی آئی کا صفایا، پولیس کے فرخ حبیب اور دیگر کی گرفتاری کیلئے چھاپے تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے این اے 105 سے 2018ء میں تحریک انصاف کے ٹکٹ پر رضا نصر اللہ گھمن ممبر قومی اسمبلی منتخب ہوئے تھے اور 21 سال سے سیاست کر رہے تھے اور تین مرتبہ ممبر اسمبلی منتخب ہوئے اور وہ مسلم لیگ ن کو چھوڑ کر مسلم لیگ ق میں شامل ہوئے تھے جبکہ 2018ء میں تحریک انصاف میں شمولیت اختیار (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی سے 15 ماہ قبل اغوا بچی لاہور سے بازیاب، میاں بیوی گرفتار

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 15 ماہ قبل اغوا شدہ بچی کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے بحفاظت بازیاب کراتے ہوئے میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ راولپنڈی تھانہ رتہ (بقیہ نمبر 48)

تمام شہری فضائی آلودگی کے خلاف اپنی مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت دیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا یوم عالمی ماحولیات کے موقع پیغام

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے وزیر اعلیٰ سیکریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ یہ دن تقاضا کرتا ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور اپنے ماحول کو صاف رکھیں ہم انرجی ایفیشنٹ گاڑیوں کا استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت نے پوری دنیا اور خاص کر پاکستان میں کئی ایک مسائل (بقیہ نمبر 47)

لاہور: جس کو مسیحا مانا اس کا بھیانک چہرہ سامنے آیا ہے: فردوس عاشق اعوان

پیپلز پارٹی کا لاہور میں جلسہ کرنے کا فیصلہ

آصف علی زرداری نے جلسے کی تیاریوں کے لیے ٹکٹ ہولڈرز کا ہنگامی اجلاس آج طلب کرلیا

لاہور (نیوز رپورٹر) پیپلز پارٹی نے لاہور میں جلسہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیپلز پارٹی نے لاہور میں جلسے کے حوالے سے تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ آصف علی زرداری نے جلسے کی تیاریوں کے لیے ٹکٹ ہولڈرز کا ہنگامی اجلاس طلب کر لیا۔ قومی وصوبائی اسمبلی کے امیدواروں کا اجلاس آج شام ساڑھے پانچ بجے بلاول ہاؤس میں ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں جلسے کی تیاریوں اور پیپلز پارٹی کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال ہوگا۔ پیپلز پارٹی 21 جون کو لاہور میں جلسہ کرے گی۔ پیپلز پارٹی جلسہ شہید بینظیر بھٹو کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر کرے گی۔ پیپلز پارٹی جلسے کے لئے لبرٹی چوک یا موچی گیٹ سمیت دیگر مقام زیر غور ہیں۔ جلسے میں مرکزی وصوبائی قیادت خطاب کرے گی۔ جلسے میں سابق صدر آصف علی زرداری کی شرکت بھی متوقع ہے۔ دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر اور وزیر اعظم کے مشیر سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ایک ملک گیر جماعت ہے اور آئندہ (بقیہ نمبر 51)

ایم پی اے چوہدری باقر حسین، میاں طارق ڈپٹی میئر کاسمن آباد ٹاؤن کا سرپرائز وزٹ

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نواز کے ایم پی اے چوہدری باقر حسین، میاں طارق ڈپٹی میئر، چیئرمین یوسی 91 مہر ہاشم، عامر فاروق نے ڈی جی ایم بلال اشرف، منیجر محسن صبور، زونل آفسر اویس بٹ کے ہمراہ زون 33 یوسیز کی مختلف یوسیز کا وزٹ کیا اور سینٹری ورکرز کو انکی ضرورت کا سامان دیا، اور زون میں صفائی کے بہترین انتظامات (بقیہ نمبر 50)

جنوبی وزیرستان دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں فوجی جوان شہید

آئی ایس پی آر، کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے لدھا میں واقع دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا

شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران لانس نائیک محمد صابر بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) جنوبی وزیرستان کے علاقے لدھا میں سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلے میں پاک فوج کا جوان شہید ہوگیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے لدھا میں واقع دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، اس دوران مسلح افراد نے اہلکاروں پر فائرنگ کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران لانس نائیک محمد صابر بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گیا۔ فوجی جوان کی شہادت کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا تاکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جاسکے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہمارے بہادر سپاہیوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ ایک روز قبل شہید ہونے والے دو جوانوں کی نماز جنازہ ادا دوسری جانب شمالی وزیرستان میں ایک روز قبل دہشت گردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے لانس نائیک معراج الدین شہید اور نائیک ظہیر عباس کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نماز جنازہ شہدا کے اپنے اپنے آبائی علاقوں میں ادا کی گئی جس کے بعد شہدا کو مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ جنازے (بقیہ نمبر 52)

پنجاب فرانزک ایجنسی نے ڈاکٹر یاسمین راشد کی رپورٹ جاری کردی

یاسمین راشد کی جناح ہاؤس پر حملے کے وقت موجودگی ثابت ہوگئی

حملے کے وقت کی 3 آڈیوز اور ویڈیوز ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہی ہیں

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب فرانزک ایجنسی نے پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کی رپورٹ جاری کر دی۔ فرانزک رپورٹ کے مطابق یاسمین راشد کی جناح ہاؤس پر حملے کے وقت موجودگی ثابت ہوگئی۔ حملے کیوقت کی 3 آڈیوز اور ویڈیوز ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہی ہیں۔ فوٹوگرامیٹک ٹیسٹ میں یاسمین راشد کی جناح ہاؤس میں موجودگی پائی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ویڈیوز، آڈیوز ایس پی کینٹ انویسٹی گیشن کی طرف سے فرانزک ایجنسی بھجوائی گئیں۔ دوسری جانب صوبہ پنجاب کی پولیس نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت سے رہائی چیلنج کرنے کا (بقیہ نمبر 53)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کا اجلاس آج 6 جون کو ہوگا، بجٹ تجاویز پر بریفنگ دی جائے گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس وٹیکنالوجی کا اجلاس آج منگل 6 جون کو ہوگا، شرکا کو وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے مالی سال 2023-24 کے سرکاری شعبہ کے ترقیاتی پروگرام کی بجٹ تجاویز پر بریفنگ دی جائے گی۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق یہاں وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں ہونے والے اجلاس کی صدارت (بقیہ نمبر 54)

گورنر بلوچستان نے انٹر بوائز کالج کچلاغ کے مالی مسائل کے پیش نظر 2 مہینے کی تنخواہ عطیہ کردی

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے انٹر بوائز کالج کچلاغ کے مالی مسائل کے پیش نظر اپنی 2 مہینے کی تنخواہ کالج فنڈ میں عطیہ کر دی۔ یہ بات انہوں نے پیر کو گورنر ہاؤس سے جاری کردہ بیان میں کہی۔ گورنر بلوچستان (بقیہ نمبر 56)

بنی پولیس کی کاروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) بنی پولیس کی کاروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عمر حیات جبکہ نقب زنی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم دلشاد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے (بقیہ نمبر 62)

میں تحریک انصاف میں ہی ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ رابطے میں ہوں

آج میرے چار کیسز ہیں، میرا جہانگیر ترین سے کوئی رابطہ نہیں، پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر ضلع کچہری پہنچ گئے۔ اس موقع پر انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں تحریک انصاف میں ہی ہوں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ رابطے میں ہوں۔ آج میرے چار کیسز ہیں۔ صحافی نے جہانگیر ترین سے رابطے سے متعلق سوال کیا جس پر اسد قیصر نے کہا کہ میرا جہانگیر ترین سے کوئی رابطہ نہیں۔ صحافی نے سوال کیا (بقیہ نمبر55)

لاہور: یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب میں آٹھویں انٹرنیشنل بزنس کانفرنس

PPP کا سندھ کے تمام اضلاع کیلئے میئرز، چیئرمینز اور دیگر امیدواروں کا اعلان

موجودہ لوکل باڈی الیکشن میں ہر لیول پر یوتھ کی نمائندگی ہو رہی ہے، ٹرانس جینڈرز کی نمائندگی بھی ہم نے رکھی

لوکل باڈی کے الیکشن گزشتہ سال 25 جون کو ہوئے، دوسرا فیز اور پھر تیسرا فیز چلتا رہا، بارشوں کی وجہ سے الیکشن تاخیر کا شکار بھی ہوتے رہے

کراچی (خبر نگار) پیپلز پارٹی نے سندھ کے تمام اضلاع کیلئے چیئرمینز، ڈپٹی چیئرمینز اور دیگر عہدوں کیلئے امیدواروں کا اعلان کر دیا، کراچی کیلئے مرتضیٰ وہاب کو میئر اور حیدرآباد کیلئے کاشف شورو کو میئر کا امیدوار نامزد کیا گیا ہے۔ پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوکل باڈی کے الیکشن گزشتہ سال 25 جون کو ہوئے، دوسرا فیز اور پھر تیسرا فیز چلتا رہا، بارشوں کی وجہ سے الیکشن تاخیر کا شکار بھی ہوتے رہے، موجودہ لوکل باڈی الیکشن میں ہر لیول پر یوتھ کی نمائندگی ہو رہی ہے، ٹرانس جینڈرز کی نمائندگی بھی ہم نے رکھی، ایک ماہ کی مسلسل مشاورت کے بعد ہم یہاں پہنچے ہیں کہ کچھ کہہ سکیں۔ نثار کھوڑو نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں الیکشن مختلف فیز میں ہوا، بڑا صوبہ 5 سال سے لوکل باڈی الیکشن کے بغیر چلتا رہا ہے، پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا نہ ہونا افسوسناک ہے، سندھ میں بلدیاتی انتخابات کا سلسلہ مکمل ہو رہا ہے، کوئی ایسی کارپوریشن نہیں جہاں ہم (بقیہ نمبر 63)

محمود الرشید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

واضح رہے کہ میاں محمود الرشید پر کلمہ چوک میں کنٹینر جلانے کا الزام ہے

میاں محمود الرشید نے کہا کہ مجھے ایک کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کیا جا رہا ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما میاں محمود الرشید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ عدالت نے پولیس کی جسمانی ریمانڈ دینے کی استدعا مسترد کر دی۔ پولیس نے کہا کہ میاں محمود الرشید سے تھانہ نصیر آباد کے مقدمے میں تفتیش کرنی ہے۔ میاں محمود الرشید نے کہا کہ مجھے ایک کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مقدمات میں مجھے بدنیتی کی بنیاد پر ملوث کیا گیا۔ واضح رہے کہ میاں محمود الرشید پر کلمہ چوک میں کنٹینر جلانے کا الزام ہے۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما میاں محمود الرشید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ عدالت نے پولیس کی جسمانی ریمانڈ دینے کی استدعا مسترد کر دی۔ پولیس نے کہا کہ میاں محمود الرشید سے تھانہ نصیر آباد کے مقدمے میں تفتیش کرنی ہے۔ میاں محمود الرشید نے کہا کہ مجھے ایک کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مقدمات میں مجھے بدنیتی کی بنیاد پر ملوث کیا گیا۔ واضح رہے کہ میاں محمود الرشید پر کلمہ چوک میں کنٹینر جلانے کا الزام ہے۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان (بقیہ نمبر 57)

کراچی والوں نے PPP کو مینڈیٹ دیا، اب کام ہوں گے مرتضیٰ وہاب

مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ کراچی میں پانی اور سیوریج کے مسائل حل، ٹرانسپورٹ کے نظام اور انفراسٹرکچر کو بہتر کیا جائے گا

مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اب محنت کرنے کا وقت ہے، کراچی کے بنیادی مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے

کراچی (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے نامزد میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی والوں نے پیپلز پارٹی کو مینڈیٹ دیا، اب کام ہوں گے۔ "پیپلز پارٹی کے میئر کراچی کی کیا ترجیحات ہوں گی؟" کا جواب دیتے ہوئے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اب محنت کرنے کا وقت ہے، کراچی کے بنیادی مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ کراچی میں پانی اور سیوریج کے مسائل حل، ٹرانسپورٹ کے نظام اور انفراسٹرکچر کو بہتر کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی رہنما نے مزید کہا کہ نوجوانوں کے لیے ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کھولے جائیں گے۔ پیپلز پارٹی کے نامزد میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی والوں نے پیپلز پارٹی کو مینڈیٹ دیا، اب کام ہوں گے۔" پیپلز پارٹی کے میئر کراچی کی کیا ترجیحات ہوں گی؟ کا جواب دیتے ہوئے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اب محنت کرنے کا وقت ہے، کراچی کے بنیادی مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ کراچی میں پانی اور سیوریج کے مسائل حل (بقیہ نمبر 58)

نئے مالی سال کا وفاقی بجٹ عوام، تاجر اور کاروبار دوست ہوگا؛ شبیر عثمانی

کاہنہ (نیوز رپورٹر) نئے مالی سال کا وفاقی بجٹ عوام، تاجر اور کاروبار دوست ہوگا، شبیر عثمانی، بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود اور سرمایہ کاری کے فروغ پر توجہ دی گئی ہے، وزیراعظم میاں شہباز شریف کی توجہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی پر (بقیہ نمبر59)

بی این پی بلارنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، حاجی خیر جان بنگلزئی

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل گروپ کے رہنماؤں نے کہا کہ ان کی پارٹی رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ حاجی خیر جان بنگلزئی، ملک بشیر احمد شاہوانی، چیئرمین محمد کریم محمد حسنی، آغا شکیل شاہ شیخ حسینی، عبیداللہ محمد حسنی، کامریڈ عطاء محمد بنگلزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بی این پی بلارنگ و نسل عوام کی (بقیہ نمبر 61)

ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے گلوبل وارمنگ میں اضافہ ہو رہا ہے؛ کیپٹن ر ثاقب ظفر

بھرپور شجرکاری اور پلاسٹک ویسٹ پر کنٹرول سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکتا ہے

ملتان (جنرل رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب کیپٹن ر ثاقب ظفر نے عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر اپنے پیغام میں موسمیاتی تبدیلی کو ماحولیاتی آلودگی کا شاخسانہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے گلوبل وارمنگ میں اضافہ ہو رہا ہے جس سے زندگی اور معاش دونوں کو خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھرپور شجرکاری اور پلاسٹک ویسٹ پر کنٹرول سے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ کیپٹن ر ثاقب ظفر نے کہا ہے کہ دریائے سندھ دنیا کا دوسرا سب سے زیادہ پلاسٹک سے آلودہ دریا ہے جس میں ہر سال 1 لاکھ 65 ہزار ٹن پلاسٹک ویسٹ پھینکا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان میں 90 فیصد لوگ سندھ طاس میں رہتے ہیں اور پاکستان کی 80 فیصد قابل کاشت زمین دریائے سندھ سے سیراب ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں آلودگی کی وجہ سے دنیا کی نایاب ترین انڈس ڈالفن کا وجود بھی خطرے سے دوچار ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد: اسلام آباد ہائی کورٹ: شہریار آفریدی اور ان کی اہلیہ کی گرفتاری غیر قانونی قرار

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

06 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم گوہر سے 01 کلو 350 گرم چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم احمد سے 560 گرام چرس، مورگاہ پولیس نے ملزم عاطف سے 125 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزم شہریاز سے 10 لیٹر شراب، صادق آباد پولیس نے ملزم ابراہیم سے 10 لیٹر شراب، ملزم آصف سے 08 لیٹر شراب (بقیہ نمبر 64)

فیصل آباد: شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری مزید 110 سے زائد مقامات پر وارداتیں، وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات (بقیہ نمبر 65)

سابق ایم این اے رانا نذیر اور نوریز شکور نے تحریک انصاف کو خیرباد کہہ دیا

حلقے کے عوام سے مشاورت کے بغیر پی ٹی آئی میں شمولیت غلطی تھی

اگلا سیاسی لائحہ عمل حلقے کے لوگوں کی مشاورت سے طے کروں گا، رانا نذیر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق ایم این اے رانا نذیر اور نوریز شکور نے تحریک انصاف سے راہیں جدا کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق ایم این اے اور رہنما تحریک انصاف رانا نذیر نے پارٹی کو چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، اگلا سیاسی لائحہ عمل حلقے کے لوگوں کی مشاورت سے طے کروں گا۔ ریاست اور ریاستی اداروں کیخلاف ہرزہ سرائی قابل مذمت ہے۔ رانا نذیر نے کہا کہ حلقے کے عوام سے مشاورت کے بغیر پی ٹی آئی میں شمولیت غلطی تھی، 9 مئی کو جناح ہاؤس اور افواج پاکستان کے دفاتر کو (بقیہ نمبر 66)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، پیرودھائی پولیس

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، فیصل سلیم

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پیرودھائی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ 04 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم شریف خان کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ 04 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس (بقیہ نمبر 67)

اگلے عہدوں پر ترقی پانے والے 18 پولیس افسران رینکس لگانے کی تقریب

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) اگلے عہدہ پر ترقی پانے والے 18 پولیس افسران کو رینکس لگانے کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس لائن اوکاڑہ میں منعقد ہوئی تقریب میں ترقی پانے والے پولیس افسران کے بچوں اور فیملی ممبرز نے خصوصی طور پر شرکت کی ڈی پی او منصور امان نے بچوں کے ہمراہ ترقی پانے والے (بقیہ نمبر 68)